★★★ پاک سرزمین کا نظام ..... قوت اخوت عوام ★★★

ABC CERTIFIED DAILY QUWAT LAHORE

روزنامہ قوت لاہور

چیف ایڈیٹر میاں محمد فیاض

ایڈیٹر امداد اللہ قریشی

جلد نمبر 15 | جمعۃ المبارک 27 صفر المظفر 1447ھ، 22 اگست 2025ء، 6 بھادوں 2082 پ (صفحات 8 قیمت 15 روپے) | شمارہ نمبر 268

Www.dailyquwat.com Email:dailyquwat786@gmail.com

وزیراعلیٰ ٹوکیو میں پہلی خاتون گورنر ماتسومو تو آیکیکو سے ملاقات

باہمی روابط کے فروغ پر اتفاق

مریم نواز کی ٹوکیو میٹروپولیٹن آفس آمد پر پرتپاک استقبال، وزیراعلیٰ نے ماتسومو تو آیکیکو ٹوکیو کی پہلی خاتون نائب گورنر بننے پر مبارک دی

خواتین کا قائدانہ کردار پاکستان اور جاپان کی قدر مشترک ہے، جاپان حکومت میں 35 سال سے خدمات عامہ میں آپ کا کردار قابل فخر اور لائق تحسین ہے، وزیراعلیٰ پنجاب

اسلام آباد: وزیراعظم محمد شہباز شریف بزنس فیسلیٹیشن سینٹر کا افتتاح کر رہے ہیں

لاہور (این این آئی) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے جاپانی ڈیری کمپنی مورینا گا کے صدر اور سرمایہ کاری کی دعوت دے دی۔ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے جاپان کے دورے کے دوران عالمی شہرت یافتہ جاپانی ڈیری کمپنی مورینا گا کے صدر اور آمدی معیار کے گوشت کی متاثی پیداوار جیسے پلانٹ کا دورہ کیا، جہاں انہوں نے کمپنی کو پنجاب میں ڈیری بیکٹر فرنزائیدہ بچوں کی خوراک، بکری مصنوعات اور برآمدی معیار کے گوشت کی متاثی پیداوار جیسے شعبوں میں سرمایہ کاری کی دعوت (بقیہ نمبر 1)

وزیراعلیٰ مریم نواز کی سوشل سکیورٹی راشن کارڈ سکیم کا معاہدہ تیار

سمبڈی صرف اشیائے ضروریہ پر خرچ ہوگی، غیر استعمال شدہ فنڈ خزانہ میں واپس جائیں گے

بینک آف پنجاب کے ساتھ سکیم کے تحت مزدوروں کو ماہانہ 3 ہزار روپے سمبڈی ملے گی، ذرائع

لاہور (نیڈ این این) مریم نواز کی زیر قیادت سوشل سکیورٹی راشن کارڈ سکیم کے لیے بینک آف پنجاب کے ساتھ ڈرافٹ معاہدہ تیار کر لیا گیا ہے۔ اس سکیم کے تحت مزدوروں کو ماہانہ (بقیہ نمبر 3)

تربیلا ڈیم کا منظر جو کہ مکمل بھر چکا ہے، آبی ذخیرے میں پانی کی سطح ایک ہزار 550 فٹ ہے

مودی سرکار کے متنازع ترمیمی بل پر اپوزیشن کا لوک سبھا میں شدید احتجاج

آئینی ترمیم کی آڑ میں بی جے پی نے اپوزیشن کی نااہلی کا شکلیہ تیار کر لیا، بھارتی میڈیا

بی دلی (این این آئی) بی جے پی کی کٹ پتلی مودی سرکار کے متنازع ترمیمی بل پر بھارتی اپوزیشن نے لوک سبھا میں شدید احتجاج کیا ہے۔ بھارتی میڈیا کے مطابق آئینی ترمیم کی آڑ (بقیہ نمبر 14)

شہر شہر سکول، دہشتگردی واقعات متاثرین کی روداد سنائی ہیں کے

شہباز شریف

دہشت گرد اور دہشت گردی کے واقعات پاکستان کی قومی غیرت وحمیت اور ہمارے امن وخوشحالی کے عزم کو اللہ کے فضل وکرم سے پسپا نہیں کر سکے

دہشت گردی کے خلاف جنگ میں قومی اتحاد و یگانگت اور یکسوئی پاکستان میں امن وسلامتی، ترقی وخوشحالی اور روشن مستقبل کی ضمانت ہے، شہباز شریف کا پیغام

دریاؤں میں پانی کی سطح بلند، بند ٹوٹنے سے سیکڑوں بستیاں زیر آب، کئی فصلیں تباہ

خیبر پور ٹامیوالی میں حفاظتی بند ٹوٹ گیا جس سے آس پاس سیکڑوں ایکڑ پر محیط فصلیں تباہ ہونے کا خدشہ

لاہور (نیڈ انٹرنیشنل) وزیراعظم کے قومی سلامتی کے مشیر ڈاکٹر معید یوسف نے کہا ہے کہ آپریشن ضرب عضب اور ردالفساد سے دہشت گردوں کے عزائم کو شکست دی، پاکستان کا ہر شہر، ہر بستی، شاہراہ، بازار، سکول (بقیہ نمبر 5)

اسلام آباد: پاکستان کے وفاقی وزیر تجارت E.H. جام کمال خان، بنگلہ دیش کے مشیر برائے صنعت، اجح ای سے ملاقات کر رہے ہیں

کشمیریوں کو بھارتی ریاستی دہشت گردی کا سامنا، 37 میں 98 ہزار 4 سو 65 کشمیری شہید

بھارتی حکومت نے 5 اگست 2019 کو مقبوضہ علاقے کی خصوصی حیثیت ختم کرنے کے بعد علاقے میں اپنی ریاستی دہشت گردی اور سیاسی ناانصافیوں کا سلسلہ تیز کر دیا

بھارتی فورسز نے جنوری 1989 سے اب تک 96 ہزار 4 سو 65 کشمیریوں کو شہید کیا ہے، جن میں خواتین اور بچے بھی شامل ہیں

سری نگر (این این آئی) آج جب دنیا بھر میں "دہشت گردی کے متاثرین کو یاد کرنے اور انہیں خراج عقیدت پیش" کرنے کا دن منایا جا رہا ہے، بھارت کے غیر قانونی زیر قبضہ جموں وکشمیر کے لوگوں کو مسلسل بھارتی ریاستی دہشت گردی کا سامنا ہے۔ کشمیر میڈیا سروس کے شعبہ تحقیق کی ایک رپورٹ میں کہا گیا ہے کہ زیر مودی کی زیر قیادت بھارتی حکومت نے 5 اگست 2019 کو مقبوضہ علاقے کی خصوصی حیثیت ختم کرنے کے بعد علاقے میں (بقیہ نمبر 4)

سپریم کورٹ میں 9 مئی کے 8 مقدمات میں عمران خان کی ضمانت منظور

سماعت سے قبل عمران خان کی ضمانت کی درخواستیں سننے والا بینچ تبدیل ہو گیا تھا

اسلام آباد (این این آئی) سپریم کورٹ آف پاکستان نے 9 مئی کے 8 مقدمات میں پاکستان تحریک انصاف کے بانی عمران خان کی ضمانت کی درخواستیں منظور کر لیں۔ جمعہ (بقیہ نمبر 10)

تحریک انصاف نے سپریم کورٹ کے فیصلے کو خوش آئند قرار دے دیا

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف نے اپنے بانی عمران خان کو سپریم کورٹ سے ملنے والے ریلیف کو خوش آئند قرار دیا ہے جبکہ تحریک انصاف کے جنرل سیکرٹری سلمان اکرم راجا نے کہا ہے کہ قوم کے لیے خوشی کا دن ہے، بہت عرصے بعد عدالتوں سے ریلیف ملا، تاریخ (بقیہ نمبر 11)

نائیجیریا: ڈاکوں کا مسجد پر حملہ، متعدد افراد کو زندہ جلا دیا، 50 جاں بحق

صرف مسجد ہر حملے میں 30 شامل مغربی نائیجیریا میں مزید 20 افراد کو زندہ جلا دیا گیا

حملہ آوروں نے دیگر بستیوں پر بھی یلغار کی، گھروں کو آگ لگا دی اور متعدد افراد کو اغوا کرنے کے لیے ساتھ لے گئے

ابجہ (این این آئی) شمال مغربی نائیجیریا میں پھر خوفناک خونریزی کی لپیٹ میں آ گیا، جہاں مسلح ڈاکوں نے مسجد اور قریبی دیہات کو نشانہ بنا کر کم از کم 50 افراد کو موت کے گھاٹ اتار دیا۔ اس واقعے میں متعدد افراد کو زندہ جلا دیا گیا، جب کہ درجنوں دوسرے نمازیوں کو فائرنگ کر کے قتل (بقیہ نمبر 3)

اسلام آباد: نائب وزیراعظم اور وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار اور چینی پی کی مرکزی کمیٹی کے سیاسی بیورو کے رکن اور چین کے وزیر خارجہ وانگ یی۔ وانگ یی نے پریس کانفرنس کر رہے ہیں

سپریم کورٹ 9 مئی کے 8 مقدمات میں بانی پی ٹی آئی کی ضمانت منظور، رہائی کا حکم

آپ کیس میں سازش کی بات کرتے ہیں، کوئی ایسا کیس ہے جس میں سازش ہوئی ہو اور ضمانت مسترد ہوئی ہو؟ جسٹس یحییٰ آفریدی کا پراسیکیوٹر سے مکالمہ

آپ دونوں سے عدالت کے 2 سوالات ہیں، لاہور ہائی کورٹ کا فیصلہ پڑھا ہوگا۔ پہلا سوال! کیا ضمانت کیس میں حتمی فائنڈنگ دی جا سکتی ہے؟

اسلام آباد (این این آئی) سپریم کورٹ نے بانی پی ٹی آئی عمران خان کی 9 مئی کے 8 مقدمات میں ضمانت منظور کر لی۔ جمعرات کو چیف جسٹس پاکستان یحییٰ آفریدی کی سربراہی میں 3 رکنی بینچ نے کیس کی سماعت کی۔ چیف جسٹس یحییٰ آفریدی نے زبانی فیصلہ سنا دیا اور بانی تحریک انصاف کی 8 مقدمات میں ضمانت منظور کرتے ہوئے رہائی کا حکم دے دیا۔ چیف جسٹس پاکستان نے کہا کہ آپ دونوں سے عدالت کے 2 سوالات ہیں، لاہور ہائی کورٹ کا فیصلہ پڑھا ہوگا۔ پہلا سوال! کیا ضمانت کیس میں حتمی فائنڈنگ دی جا سکتی ہے؟ دوسرا سوال! ماضی میں سازش کے الزام پر سپریم کورٹ نے ملزمان کو خلا (بقیہ نمبر 17)

سلامتی کونسل فہرست میں صرف مسلمان دہشت گرد! دوہرا معیار قبول نہیں، پاکستان کا احتجاج

دہشت گرد گروہ اب ڈیجیٹل ایپس میں متحرک ہو چکے ہیں، پاکستانی مستقل مندوب عاصم افتخار

نیویارک (این این آئی) اقوام متحدہ میں پاکستان کے مستقل مندوب سفیر عاصم افتخار احمد نے کہا ہے کہ اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل کی دہشت گردوں کی فہرست میں ایک بھی غیر مسلم (بقیہ نمبر 2)

ڈیرہ غازی خان کے ہنگامہ خیز مناظر، ملک گیر تشویش کا دورہ، ملک کے مختلف ڈاکٹر شدید متعصب علی خان کا جگر دھو میں سیلاب سے متاثرہ کیمپ کا دورہ کر رہے ہیں

سیکرٹری جنرل اقوام متحدہ کی غزہ میں فوری جنگ بندی کی اپیل

اسرائیل عشرئی کنارے سے غیر قانونی بستیوں کی توسیع کے فیصلے سے باز آئے، خطاب

نیویارک (این این آئی) اقوام متحدہ کے سیکرٹری جنرل انتونیو گوٹریس نے غزہ میں فوری جنگ بندی کی اپیل کی ہے۔ یہ اپیل ایسے وقت میں سامنے آئی ہے جب اسرائیل نے غزہ شہر (بقیہ نمبر 2)

کیلیفورنیا سینیٹ میں پاکستان سے متعلق قرارداد منظور

واشنگٹن (این این آئی) امریکی ریاست کیلیفورنیا کی سینیٹ نے پاک امریکا تعلقات اور ریاست کیلیفورنیا کی معیشت، معاشرہ (بقیہ نمبر 20)

پاکستان اور چین کا ہر سطح پر تعاون بڑھانے اور عالمی نومز پر باہمی حمایت جاری رکھنے کا اعلان

دونوں ممالک ہر سطح پر تعاون کو مزید فروغ دینے کے لیے پرعزم ہیں، اسحٰق ڈار

اسلام آباد (این این آئی) نائب وزیراعظم اسحٰق ڈار نے کہا ہے کہ پاکستان اور چین ہر سطح پر تعاون کو مزید فروغ دیں گے اور عالمی (بقیہ 19)

بھارت جبر واستبداد کے ہتھکنڈوں سے کشمیریوں کا جذبہ آزادی ہرگز دبا نہیں سکتا، حریت کانفرنس

سرینگر (این این آئی) بھارت کے غیر قانونی زیر قبضہ جموں وکشمیر میں کل جماعتی حریت کانفرنس نے حریت رہنماؤں اور کارکنوں سمیت (بقیہ نمبر 18)

پاک بھارت سمیت 4 جنگیں رکوا کر ٹرمپ انسانیت کی خدمت کی

محسن نقوی

وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی سے امریکا کی قائم مقام سفیر فلپلی بکرے نے ہم ملاقات کی، جس میں پاک امریکا تعلقات، انسداد دہشت گردی اور انسداد منشیات کے حوالے سے اشتراک کار پر تبادلہ خیال کیا گیا

اسلام آباد (وزیر پورٹ) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے کہا ہے کہ پاک بھارت سمیت 4 جنگیں رکوا کر امریکی صدر نے انسانیت کی خدمت کی ہے، امید ہے کہ امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کی روس پوٹن اور یوکرین اور غزہ میں جنگ بندی کی کاوشیں بار آور ہوں گی۔ وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی سے امریکا کی قائم مقام سفیر فلپلی بکرے نے اہم ملاقات کی، جس میں پاک امریکا تعلقات، انسداد دہشت گردی اور انسداد منشیات کے حوالے سے اشتراک کار پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ قائم مقام امریکی سفیر نے نشان امتیاز ملنے پر وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی کو مبارکباد دی اور نیک خواہشات کا اظہار کیا۔ اس موقع پر فلپلی (بقیہ نمبر 24)

پنجاب: شدید بارشوں سے دریاؤں کی سطح بلند، 7 ہزار لوگ متاثر

ڈیرہ غازی خان، تونسہ اور قصور میں سیلابی صورتحال سے ہزاروں لوگ متاثر

محکمہ آبپاشی اور انتظامیہ نے ریلیف کیمپ قائم کر کے امدادی کارروائیاں شروع کیں

لاہور (نیڈ این این) پنجاب کے مختلف اضلاع میں تیز بارشوں کے باعث دریاؤں میں پانی کی سطح بلند ہو گئی۔ ذرائع محکمہ آبپاشی و نیاری خان اور تونسہ میں دریائے سندھ سے متاثرہ علاقوں کا زمینی راستہ منقطع ہو گیا، جس کے نتیجے میں 7 ہزار سے زائد لوگ اور تقریباً 100 بستیاں سیلابی پانی میں گھر (بقیہ نمبر 23)

مسلط (ن)، پیپلز پارٹی اصل میں ملک کا المیہ ہے: مسرت جمشید چیمہ

جمہوریت کے دعویدار سسٹم کو طاقت سے کنٹرول کر رہے ہیں، سینیٹر رحمانیاں پی آئی

لاہور (نیڈ این این) پاکستان تحریک انصاف کی سینیٹر رحما مسرت جمشید چیمہ نے کہا ہے کہ ملک پر دہائیوں سے مسلط مسلم لیگ (ن) اور پیپلز پارٹی اصل میں ملک کا المیہ ہے، جمہوریت (بقیہ نمبر 26)

لاہور کشنر اور سینئر پاکستان کمیشن پنجاب شمن رائے اور ڈی جی او پی ای امرتا نیک ایم ڈی اور سینئر پالیسی فاؤنڈیشن افضال بھٹی سے ملاقات کر رہے ہیں

آپریشن سندور میں بدترین شکست کے بعد سے مودی کا جنگی جنون بے قابو

نئی دہلی (این این آئی) آپریشن سندور میں بدترین شکست کے بعد بھارتی وزیراعظم نریندر مودی کا جنگی جنون بے قابو ہو گیا ہے۔ (بقیہ نمبر 25)

ایم کیو ایم کو پتہ تھا ایک سیٹ بھی نہیں ملے گی: شرجیل میمن

کراچی (این این آئی) سندھ حکومت کے سینئر وزیر شرجیل انعام میمن نے کہا ہے کہ ایم کیو ایم کو پتہ تھا ایک سیٹ بھی نہیں ملے گی، ان (بقیہ نمبر 27)

ہر سال کی طرح اس سال بھی مسلم کانفرنس یوم نیلہ بٹ شایان شان طریقے سے منائے گی

مظفر آباد (این این آئی) آل جموں وکشمیر مسلم کانفرنس و یلی 03 کے صدر وفٹ ہولڈر و یلی 03 سرفراز احمد رانا نے میڈیا سے گفتگو (بقیہ نمبر 28)

گورنر پنجاب سردار سلیم حیدر خان اسلام آباد کے مقامی ہوٹل میں برین ڈیرائزر پاکستان کے زیر اہتمام انٹرنیشنل فوڈ اینڈ ریسٹورنٹ ایوارڈ کی تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

پنجاب میں وائلڈ لائف رینجرز نے نایاب جانور اور پرندے بازیاب کیے

جنگلی رہن، بٹیر، فاختائیں، تیتر اور دیگر پرندے قانونی کارروائی کے بعد بازیاب

ملزمان گرفتار، چالان اور جرمانے کیے گئے، نایاب پرندوں کی دیکھ بھال شروع، ترجمان

لاہور (نیڈ این این) سینئر وزیر مریم اورنگ زیب اور سیکرٹری جنگلات و جنگلی حیات و ماحی پروری پنجاب مڈر ریاض ملک کی ہدایت پر پنجاب وائلڈ لائف رینجرز جنین الٰہی کی قیادت میں صوبہ میں تحفظ شدہ جنگلی جانوروں اور پرندوں کی نایابی کا سلسلہ جاری ہے۔ متعدد کامیاب کارروائیاں (بقیہ نمبر 31)

ناقابل قانون کرنیوالے اداروں اشتراک مقدمات کو منطقی انجام تک پہنچانے سے گریز، داخلہ پنجاب

سیکرٹری داخلہ پنجاب ڈاکٹر احمد جاوید قاضی سے اقوام متحدہ پاپولیشن فنڈ کے وفد کی ملاقات

خواتین، بچوں کے تحفظ، جنسی تشدد کے خاتمے بارے "پنجاب جنسی تشدد رسپانس فریم ورک" ڈرافٹ بارے تبادلہ خیال

لاہور (این این آئی) سیکرٹری داخلہ پنجاب ڈاکٹر احمد جاوید قاضی سے اقوام متحدہ پاپولیشن فنڈ کے وفد سے ملاقات کی جس میں خواتین اور بچوں کے تحفظ اور جنسی تشدد کے خاتمے کے حوالے سے اقدامات بارے تبادلہ خیال کیا گیا۔ اقوام متحدہ پاپولیشن فنڈ کے وفد میں صوبائی کوآرڈینیٹر ثانیہ دراق (بقیہ نمبر 34)

محکمہ خزانہ نے ہمت کارڈ پروگرام کے لیے بجٹ جاری کر دیا

لاہور (نیڈ این این) محکمہ خزانہ نے ہمت کارڈ پروگرام کے لیے بجٹ جاری کر دیا ہے، جس کا مقصد مستحق افراد کو مالی معاونت فراہم کرنا اور انہیں بنیادی ضروریات پوری کرنے میں سہولت دینا ہے۔ ذرائع کے مطابق ہمت کارڈ پروگرام (بقیہ نمبر 30)

لاہور پولیس کے 55 سب انسپکٹرز کو انسپکٹر کے عہدے پر ترقی

آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور نے ترقی یافتہ افسران کو پروموشن رینکس خود لگائے

سال بھر میں 765 سب انسپکٹرز اور 75 پبلک وارڈنز کو ترقی دی گئی، ترجمان

لاہور (نیڈ این این) لاہور پولیس کے 55 سب انسپکٹرز کو انسپکٹر کے عہدے پر ترقی دے دی گئی۔ اس موقع پر پولیس لائنز میں باقاعدہ تقریب کا انعقاد کیا گیا، جس میں آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور نے ترقی یافتہ افسران کو پروموشن رینکس خود لگائے۔ ذرائع کے مطابق رواں سال (بقیہ نمبر 29)

جب پہاڑوں سے پتھر گرتے ہیں اور کلاؤڈ برسٹ یا سیلاب آتا ہے تو یہ بڑے بڑے پتھر تنکوں کی طرح بہہ آتے ہیں

کیونکہ اس بار بارشوں کی شدت مزید بڑھنے کا خدشہ ہے، انہوں نے پختونخوا میں سیلاب سے ہونے والی تباہی پر بات کرتے ہوئے (بقیہ نمبر 3)

لاہور (این این آئی) وفاقی وزیر موسمیاتی تبدیلی ڈاکٹر صمدق ملک نے خبردار کیا ہے کہ بارشوں کا موجودہ سلسلہ 10 ستمبر تک جاری رہے گا اور آنے والا مون سون کی تیاری آج سے ہی شروع کرنی ہوگی، اس بار بارشوں کی شدت مزید بڑھنے کا خدشہ ہے، وفاقی وزیر

کالا جودہ سلسلہ 10 ستمبر تک جاری، آئندہ مون سون زیادہ شدت والا ہوگا، قومی مصدر ملک

اگلے مون سون کی تیاری آج سے ہی شروع کرنی ہوگی، اس بار بارشوں کی شدت مزید بڑھنے کا خدشہ ہے، وفاقی وزیر

لاہور (این این آئی) وفاقی وزیر موسمیاتی تبدیلی ڈاکٹر صمدق ملک نے کہا کہ اگلے مون سون کی تیاری آج سے ہی شروع کرنی ہوگی

نہم کے خراب نتائج دینے والے اساتذہ کی فہرست تیار کرنے کا حکم

اچھی کارکردگی دکھانے والے اساتذہ کی فہرست اور انعامات بھی جاری کیے جائیں گے

صوبائی وزیر تعلیم سکندر حیات نے نوکری سے فارغ کرنے اور انعامات کا اعلان کر دیا

لاہور (نیڈ این این) نہم میں خراب نتائج دینے والے سکولوں اور اساتذہ کی فہرستیں تیار کرنے کا حکم وزیر تعلیم رانا سکندر حیات نے جاری کر دیا ہے۔ سکول ایجوکیشن کی ہم پہلی بار ایسے اساتذہ اور سکولوں کی فہرستیں مرتب کر رہی ہیں۔ وزیر تعلیم رانا سکندر حیات نے کہا کہ خراب نتائج دینے والے اساتذہ کو نوکری سے فارغ کیا جائے گا اور ان روپے فرج کرنے کے ساتھ ساتھ وزیر وزنٹ برداشت نہیں کیا جائے گا۔ انہوں نے خبردار کیا کہ اضلاع اپنے ضلع اور تحصیل کے سکولوں سے شروع کیا جا (بقیہ نمبر 32)

اسلام آباد: وفاقی وزیر برائے سمندر پار پاکستانیز و انسانی وسائل کی ترقی چودھری سالک حسین سے جمہوریہ پولینڈ کے سفیر ماتیج پیارسکی ملاقات

روزنامہ قوت لاہور
سٹی نیوز

کشنر اوورسیز پاکستانیز کمیشن پنجاب ثمن رائے اور ڈی جی اوپی سی احمر نایک ایم ڈی اوورسیز پاکستانیز فاؤنڈیشن افضال بھٹی سے ملاقات کر رہے ہیں

کمشنر اوورسیز پاکستانیز کمیشن پنجاب ثمن رائے کی ایم ڈی اوورسیز پاکستانیز فاؤنڈیشن افضال بھٹی سے ملاقات

اوورسیز پاکستانیوں کی فلاح و بہبود کیلئے اداروں کے مابین ہم آہنگی بڑھانے پر اتفاق

بیورو آف امیگریشن و اوورسیز ایمپلائمنٹ کے ڈی جی جناب طیب نے بیرون ملک کام کرنے والے پاکستانیوں کے اعداد و شمار اور ڈیٹا کی فراہمی پر آمادگی کا اظہار

لاہور (خبر نگار) کمشنر اوورسیز پاکستانیز پنجاب محترمہ ثمن رائے اور ڈی جی اوپی سی پنجاب احمر نایک نے اوورسیز پاکستانی فاؤنڈیشن (OPF) کے ایم ڈی افضال بھٹی، بیورو آف امیگریشن و اوورسیز ایمپلائمنٹ کے ڈی جی جناب طیب اور OPF کے ڈائریکٹر ویلفیئر سے اہم ملاقات کی۔ اس ملاقات میں اوورسیز پاکستانیوں سے متعلق فلاح و بہبود، شکایات کے ازالے، اور باہمی تعاون پر تفصیلی گفتگو کی گئی۔ بیورو آف امیگریشن و اوورسیز ایمپلائمنٹ کے ڈی جی جناب طیب نے بیرون ویلفیئر سے اہم ملاقات کی۔ اس ملاقات میں اوورسیز پاکستانیوں سے متعلق فلاح و بہبود، شکایات کے ازالے، اور باہمی تعاون پر تفصیلی گفتگو کی گئی۔ بیورو آف امیگریشن و اوورسیز ایمپلائمنٹ کے ایم ڈی افضال بھٹی، بیورو آف امیگریشن و اوورسیز ایمپلائمنٹ کے ڈی جی جناب طیب نے بیرون ملک کام کرنے والے پاکستانیوں کے اعداد و شمار اور ڈیٹا کی فراہمی پر آمادگی کا اظہار کیا، جو مستقبل میں پالیسی سازی اور فلاحی اقدامات کے لیے نہایت مفید ثابت ہوگا۔ اس موقع پر او پی ایف کے ایم ڈی افضال بھٹی بھی موجود تھے، جنہوں نے OPF کے جاری منصوبوں اور خدمات پر روشنی ڈالی۔ انہوں نے کہا کہ اوورسیز پاکستانی فاؤنڈیشن بیرون ملک مقیم پاکستانیوں کی فلاح و بہبود، ان کی شکایات کے ازالے اور قانونی معاونت کے لیے مؤثر کردار ادا کر رہی ہے۔ شرکاء نے اس امر پر اتفاق کیا کہ اوورسیز پاکستانیوں کے مسائل کے حل اور ان کی فلاح کیلئے بین الادارہ جاتی تعاون کو مزید مؤثر اور مربوط بنایا جائے گا۔

ہومیو پیتھک سیکٹر کی رجسٹریشن اور نئے قانون پر اسٹیک ہولڈرز کے تحفظات

ادویات کی قیمتوں میں اضافہ، صنعت کے مسائل میں اضافہ کا خدشہ

لاہور (خبر نگار) ہومیو پیتھک فارما ٹائزرز اور مختلف شہروں سے سرگرم ہومیو پیتھک ڈاکٹرز اور ایلوپیتھک سیکٹر کے ماہرین نے نئے رجسٹریشن اور لائسنسنگ قوانین پر تحفظات کا اظہار کیا ہے۔ اسٹیک ہولڈرز کا کہنا ہے کہ حکومت نے مشاورت کے بغیر نئے ڈیوٹیز نافذ کیا ہے، جو عمل سے اور اس کے دور رس منفی اثرات پیدا کر سکتا ہے۔ ہومیو پیتھک ڈاکٹرز کا کہنا ہے کہ ہومیو پیتھک سیکٹر کو بنانے کے لیے ایلوپیتھک سیکٹر کو ختم کرنا ضروری نہیں ہے، ایسا کرنا ایلوپیتھک سیکٹر کو ختم کرنے کے مترادف ہوگا۔ ہومیو پیتھک سیکٹر کو ایلوپیتھک سیکٹر کو ختم کرنے کے لیے استعمال کیا جا رہا ہے۔ ہومیو پیتھک سیکٹر کو بنانے کے لیے ایلوپیتھک سیکٹر کو ختم کرنا ضروری نہیں ہے، ایسا کرنا ایلوپیتھک سیکٹر کو ختم کرنے کے مترادف ہوگا۔ ہومیو پیتھک سیکٹر کو ایلوپیتھک سیکٹر کو ختم کرنے کے لیے استعمال کیا جا رہا ہے

ABC CERTIFIED
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت
چیف ایڈیٹر
میاں محمد فیاض
روزنامہ قوت لاہور
"روزنامہ قوت لاہور" (3)22 اگست 2025ء

کمشنر راولپنڈی اور ڈپٹی کمشنر چکوال کی زیر صدارت ڈسٹرکٹ ڈیزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹی کا اجلاس

اجلاس میں میں اے ڈی سی آر محمد شہاب اسلم، اے ڈی سی جی بلال بن عبدالحفیظ، اسسٹنٹ کمشنرز، ڈسٹرکٹ ایمرجنسی آفیسر ڈاکٹر عتیق احمد خان اور دیگر متعلقہ محکموں کے افسران نے شرکت کی

چکوال (ایم ایوب سلطانی) کمشنر راولپنڈی ڈویژن انجینئر خٹک ڈپٹی کمشنر چکوال سارہ حیات کے ہمراہ ڈسٹرکٹ ڈیزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹی کے اجلاس کی صدارت کی۔ اجلاس میں میں اے ڈی سی آر محمد شہاب اسلم، اے ڈی سی جی بلال بن عبد الحفیظ، اسسٹنٹ کمشنرز، ڈسٹرکٹ ایمرجنسی آفیسر ڈاکٹر عتیق احمد خان اور دیگر متعلقہ محکموں کے افسران نے شرکت کی۔ اجلاس میں ڈپٹی کمشنر سارہ حیات نے بتایا کہ ضلع چکوال حالیہ شدید بارشوں سے جاں بحق اور زخمی ہونے والے افراد کی مالی امداد فراہم کر دی گئی ہے جبکہ سیلاب سے متاثرہ انفراسٹرکچر اور دیگر نقصانات کا تخمینہ لگا کر رپورٹ پی ڈی ایم اے کو بھجوا دی گئی ہے۔ کمشنر راولپنڈی ڈویژن عامر خٹک نے کہا کہ مستقبل میں نقصانات سے بچاؤ کیلئے آبی گذرگاہوں اور نالوں پر قائم کراسنگ کی تجاوزات کو ختم کیا جائے تاکہ آنے والے وقت میں نقصانات کا احتمال کم سے کم ہو انہوں نے مزید کہا کہ عوام کو صحت ایسی بنیادی سہولت کی فراہمی کے لئے ڈاکٹر اور پیرامیڈیکل اسٹاف اور ادویات کی دستیابی یقینی بنائی جائے۔ کمشنر راولپنڈی نے کہا کہ بارشوں کے ممکنہ سیلاب تک تمام متعلقہ محکمے اپنی ذمہ داریوں کو احسن طریقے سے ادا کریں اور عوام کی سہولت کے لئے عارضی طور پر کیے گئے انتظامات کی اسسٹنٹ کمشنر مانیٹرنگ کریں۔ جبکہ دیگر متعلقہ محکموں پہلے سے انتظامات مکمل کر کے رکھیں کسی بھی ڈیزاسٹر کی صورت میں فوری ریلیف فراہم کیا جائے۔ کمشنر راولپنڈی نے ضلع میں ویسٹ مینجمنٹ کمپنی کی کارکردگی کا جائزہ لیتے ہوئے کہا کہ گاؤں میں صفائی کے عمل کو معیاری بنانے کے لئے ویلج کمیٹی کی خدمات حاصل کر کے بہتر نتائج حاصل کیے جائیں۔

ڈپٹی کمشنر کیپٹن (ر) ندیم ناصر نے سرکٹ ہاؤس فیصل آباد کی اپ گریڈیشن کے جاری تعمیراتی کام کا تفصیلی جائزہ لیا

اس موقع پر انہوں نے تعمیراتی کوالٹی اور استعمال ہونے والے مٹیریل کے معیار کا باریک بینی سے معائنہ کیا

فیصل آباد (میاں محمد ساجد) ڈپٹی کمشنر کیپٹن (ر) ندیم ناصر نے سرکٹ ہاؤس فیصل آباد کی اپ گریڈیشن کے جاری تعمیراتی کام کا تفصیلی جائزہ لیا۔ اس موقع پر انہوں نے تعمیراتی کوالٹی اور استعمال ہونے والے مٹیریل کے معیار کا باریک بینی سے معائنہ کیا۔ انجینئرز اور متعلقہ افسران نے ڈپٹی کمشنر کو منصوبے کے مختلف مراحل اور جاری کام پر تفصیلی بریفنگ دی۔ ڈپٹی کمشنر نے واضح کیا کہ تعمیراتی منصوبوں میں کسی قسم کی غفلت ہرگز برداشت نہیں کی جائے گی اور معیار پر کوئی سمجھوتہ نہیں ہوگا۔ انہوں نے زیر تعمیر حصوں میں صفائی ستھرائی اور حفاظتی اقدامات کو یقینی بنانے کی بھی سخت ہدایت دی۔ ڈپٹی کمشنر کیپٹن (ر) ندیم ناصر نے کہا کہ منصوبے کی بروقت تکمیل کے لئے افسران اپنی تمام تر صلاحیتیں بروئے کار لائیں اور تعمیراتی معیار کو عالمی سطح کے مطابق بنایا جائے۔ انہوں نے اس عزم کا اظہار کیا کہ منصوبہ مکمل ہونے پر سرکٹ ہاؤس جدید سہولتوں سے آراستہ ہوگا جو عوامی اور سرکاری سطح پر ایک مثالی عمارت کا درجہ حاصل کرے گا۔

سپہ سالار پاکستان سید عاصم منیر کی ملکی خدمات لازوال ہیں۔ وقاص اکرم اعوان

فتنہ الخوارج وفتنہ الہندوستان کامیاب آپریشنز گرانقدر ہیں۔ سابقہ سنیٹر نائب صدر سیالکوٹ چیمبر

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ بیورو عامر جاوید) افواج پاکستان و سیکیورٹی فورسز کے ہمارے شہداء ہمارے ماتھے کا جھومر اور ہمارے غازی قوم کا وقار ہیں سپہ سالار پاکستان فیلڈ مارشل سید عاصم منیر جیسی ولولہ انگیز قیادت میں افواج پاکستان کا دشمن کو منہ توڑ جواب بلاشبہ ہم پاکستانیوں کیلئے قابل فخر ہے۔ ان باتوں کا اظہار معروف بزنس مین و سابق سنیٹر نائب صدر سیالکوٹ چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری وقاص اکرم اعوان آف سپیڈی ورلڈ وائیڈ نے سنیٹر صحافیوں کیساتھ نشست میں کیا۔ پاکستان و پاکستانی سدا سلامت رہیں اور سلامت رہیں ہمارے داخلی خارجی سرحدی محافظ و پاکستانی سیکیورٹی فورسز جنہوں نے ملک وقوم کو اقوام عالم میں سرخرو کیا سپہ سالار پاکستان فیلڈ مارشل سید عاصم منیر محب وطن پاکستانی و بہترین مسلمان ہیں کہ جن کی حب الوطنی اور قابلیت دلیری اور بہترین نعت مسلمان قیادت کا اعتراف ازلی دشمن بھارت کر رہا ہے

مولانا فضل الرحمن شیخوپوری مختصر علالت کے بعد انتقال کر گئے

شیخوپورہ (بیورو رپورٹ) مرکزی جمعیت اہلحدیث پاکستان کے سابق سرپرست اعلیٰ شیخ القرآن مولانا محمد حسین شیخوپوری کے بڑے صاحبزادے مولانا فضل الرحمن شیخوپوری مختصر علالت کے بعد انتقال کر گئے۔ انہیں ان کے آبائی گاؤں ڈیرہ بوہلیانوالہ کے قبرستان میں ہزاروں سوگواروں کی موجودگی میں حضرت شیخ القرآن کے پہلو میں سپرد خاک کر دیا گیا۔ ان کی نماز جنازہ شیخ الحدیث مولانا مسعود عالم فیصل آبادی کی امامت میں ادا کی گئی جس میں جمعیت اہلحدیث پاکستان کے صدر علامہ ہشام الٰہی ظہیر مرکزی نائب صدر حضرت عبدالباسط خاموش مرکزی سرپرست اعلیٰ مولانا منظور احمد مرکزی سٹیج لیک کے ابوالہاشم چوہدری محمد سرور شیخ الحدیث مولانا فاروق الرحمن یزدانی مولانا عبداللہ شاہ مفسر قرآن مولانا ثناء اللہ مکی ایم اے مولانا عبدالباسط شیخوپوری مولانا عبداللہ ساجد شیخوپورہ صاحبزادہ حافظ محمد عباس صمدانی شیخوپوری مفتی عبدالرحمن مظہر مولانا شبیر الحسن و دیگر علماء کرام سیاسی سماجی شخصیات سرکاری افسران صحافیوں وکلاء اور تاجروں کی بڑی تعداد نے شرکت کی

سوئمنگ سیکھنے والے نوجوانوں کیلئے ٹریفک آگاہی سیشن کا انعقاد۔ Dsp ٹریفک

ہیلمٹ زندگی کی ضمانت، ون ویلنگ موت کا کھیل۔ انچارج ایجوکیشن ونگ ڈاکٹر شفقت رسول

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ بیورو عامر جاوید) ٹریفک ایجوکیشن ونگ سیالکوٹ کے زیر اہتمام سوئمنگ سیکھنے والے نوجوانوں کو روڈ سیفٹی اور ٹریفک قوانین کے حوالے سے آگاہی لیکچر دیا گیا۔ انچارج ایجوکیشن ونگ ڈاکٹر شفقت رسول نے نوجوانوں کو دوران ڈرائیونگ احتیاطی تدابیر اور قوانین کی پاسداری کی اہمیت سے آگاہ کیا۔ انہوں نے کہا کہ ہیلمٹ کا استعمال زندگی کی ضمانت ہے، اور ون ویلنگ کوئی کھیل نہیں بلکہ یہ موت کو دعوت دینے کے مترادف ہے۔ لیکچر میں شرکاء کو باور کرایا گیا کہ تیز رفتاری، لاپرواہی اور ٹریفک قوانین کی خلاف ورزی نہ صرف اپنی بلکہ دوسروں کی جان کیلئے بھی خطرہ ہے۔ ڈاکٹر شفقت رسول نے نوجوانوں پر زور دیا کہ وہ روڈ سیفٹی اصولوں پر سختی سے عمل کریں، ٹریفک قوانین کی پاسداری کریں اور دوسروں کو بھی اس کی تلقین کریں تاکہ سڑکوں کو محفوظ بنایا جا سکے۔ لیکچر کے اختتام پر نوجوانوں نے عہد کیا کہ وہ ہیلمٹ کے استعمال کو یقینی بنائیں گے، تیز رفتاری سے گریز کریں گے اور ون ویلنگ سے مکمل اجتناب کریں گے۔

بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن فیصل آباد نے جماعت نہم کے امتحانی نتائج کا اعلان کر دیا

چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن فیصل آباد نے جماعت نہم کے امتحانی نتائج کا اعلان کر دیا۔ ضلع میں گورنمنٹ گرلز ہائی سکول چک نمبر 223 ج۔ب نے 44.97 فیصد نتائج کے ساتھ پہلی پوزیشن پر رہا۔ اسی طرح گورنمنٹ گرلز ہائی سکول کلری 94.96 فیصد، گورنمنٹ ہائی سکول چک 195 کا 74.89 فیصد، گورنمنٹ ہائی سکول چک 241 کا 61.88 فیصد، گورنمنٹ گرلز ہائی سکول کڑک محمدی شریف کا نتیجہ 76.87 فیصد رہا۔ ضلع چنیوٹ میں 13 سکولوں کے نتائج 80 فیصد سے اضافی رہے۔ سیاسی و سماجی حلقوں کی جانب سے بہترین نتائج پر صوبائی وزیر تعلیم رانا سکندر حیات، چیف ایگزیکٹو آفیسر چنیوٹ محمد تعلیم ظفر اقبال وٹو اور ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر (سیکنڈری) چنیوٹ ڈاکٹر مختار اور سکول سٹاف کو مبارکباد دی گئی۔

دور حاضر کے جدید فتنوں و منفی پراپیگنڈے کا حصہ نہ بنیں۔ انجینئر ذیشان امتیاز

ملک وقوم اور افواج پاکستان کیخلاف ہر مذموم مہم کو شکست فاش دینا ہے۔ نوجوان سپیکر

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ بیورو عامر جاوید) وطن عزیز پاکستان، حکومت اور افواج پاکستان سمیت قومی سلامتی کے اداروں کی ساکھ خراب کرنے کیلئے دشمن بھارت یا ملک دشمن عناصر کا ٹول بننے کی بجائے نوجوان اپنے پیارے پاکستان و قومی سلامتی کے داخلی خارجی محافظوں اور اداروں کیخلاف کسی بھی زہریلے پراپیگنڈے کو شکست دیں۔ دور حاضر کے جدید فتنے امت مسلمہ کے خلاف سازشوں کا انگنت جال، مسلمانوں کو کمزور کرنے والے عوامل سوچ فکر اور ڈیجیٹل ڈس انفارمیشن بلیڈ زہریلے پراپیگنڈا کیخلاف قومی یکجہتی کے تحت جواب دے کر بطور محب وطن پاکستانی اپنی قومی ذمہ داری پوری کریں۔ ان باتوں کا اظہار معروف سوشل ایکٹوسٹ انجینئر زیشان امتیاز نے میڈیا بیان میں کیا انہوں نے کہا کہ تمام پاکستانی سوشل میڈیا اور انٹرنیٹ پر موجود منفی مواد کے خلاف اور معاشرے میں پھیلا ※ جانے والی غلط معلومات کو پڑھے بغیر شیئر لائیک کر کے پروان نہ چڑھنے دیں اور اپنے ماحول کو پُر امن اور مثبت سوچ کی طرف گامزن کریں۔

ڈپٹی کمشنر سیالکوٹ صبا اصغر علی اور پروگرام ڈائریکٹر پیپسپ عمر جاوید کی زیر صدارت اہم اجلاس

سیالکوٹ میں تعمیر کیا جانے والا ڈسپوزل اسٹیشن ناصر ٹاؤن 15 اکتوبر سے باقاعدہ طور پر کام شروع کر دے گا

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ بیورو عامر جاوید) سیکرٹری لوکل گورنمنٹ پنجاب میاں شکیل احمد نے کہا ہے کہ سیالکوٹ میں تعمیر کیا جانے والا ڈسپوزل اسٹیشن ناصر ٹاؤن 15 اکتوبر سے باقاعدہ طور پر کام شروع کر دے گا، جس کے بعد ویسٹ واٹر ٹریٹمنٹ پلانٹ کیور والی اور واٹر سپلائی کی تمام اسکیمز 30 دسمبر تک مکمل کر کے سینی ٹیشن اور واٹر سپلائی کے تمام پراجیکٹ واسا سیالکوٹ کے سپرد کر دیئے جائیں گے۔ یہ بات انہوں نے آج پیپسپ کے تحت جاری ترقیاتی منصوبوں کی ایکسٹنشنز کے بعد ڈپٹی کمشنر آفس میں منعقدہ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہی۔ اجلاس میں ڈپٹی کمشنر سیالکوٹ صبا اصغر علی، پروگرام ڈائریکٹر پیپسپ عمر جاوید، چیف انجینئر پیپسپ شیخ طاہر، ایم ڈی واسا ابوبکر عمران، سٹی مینیجر علی خان اور ایسکین پبلک ہیلتھ انجینئرنگ ڈیپارٹمنٹ رانا ابرار بھی شریک ہوئے۔ سیکرٹری لوکل گورنمنٹ نے واسا حکام کو ہدایت کی کہ سیوریج پراجیکٹ کے تحت بچھائی جانے والی نئی لائنوں کو چالو کرنے سے قبل پرانے نالوں اور لائنوں کی ڈی سلٹنگ کی جائے تاکہ نکاسی آب کے نظام میں رکاوٹ نہ ہو اور عوام کو بہتر سہولیات فراہم کی جا سکیں۔ بعد ازاں سیکرٹری لوکل گورنمنٹ میاں شکیل احمد نے سیالکوٹ سالڈ ویسٹ مینجمنٹ کمپنی کے آفس کا دورہ کیا اور ستھرا پراجیکٹ کے تحت متعارف کرائے گئے آؤٹ سورس ماڈل کا تفصیلی جائزہ لیا۔ انہوں نے اس موقع پر کہا کہ جدید ویسٹ مینجمنٹ ماڈل سے شہریوں کو صفائی ستھرائی کے بہتر معیار کی فراہمی ممکن ہوگی۔

پیر سید فیض الحسن شاہ چشتی آستانہ عالیہ وجھواں شریف۔ علامہ ارشد رضوی نے خصوصی خطابات کیے۔ ڈاکٹر غلام مرتضیٰ کی شرکت

سمندری (تحصیل رپورٹر) مرکزی میلاد کمیٹی چک نمبر 138 چھوٹا سانگلہ کے زیر اہتمام محفل نور کی برسات کا انعقاد کیا گیا، محفل کا آغاز قاری عبد الرؤف کی تلاوت سے ہوا پیر سید محمد عثمان شہباز نقوی، پیر سید امیر الحق شاہ کی صدارت، جس میں پیر سید فیض الحسن شاہ چشتی آستانہ عالیہ وجھواں شریف، علامہ محمد ارشد رضوی کے خصوصی خطابات کیے، ملک پاکستان کے نامور ثناخواں الحاج شہزاد حنیف مدنی، وارث علی چشتی نے بدیع نعت پیش کیا، ڈاکٹر غلام مرتضیٰ نے بطور مہمان خصوصی شرکت کی، محفل میں آنیوالے معزز علماء کرام، مشائخ عظام، مہمانان گرامی کا انتظامیہ رانا خاور، رانا طاہر، رانا ابرار خاں چیئرمین لائٹ ایسوسی ایشن سمیت دیگر نے استقبال کیا

پیدائش سے 18 ماہ کے بچوں کو 12 مہلک بیماریوں سے بچانے کے لئے اہم آگاہی سیشن پریس کلب فیصل آباد میں منعقد ہوا

سیشن میں ڈسٹرکٹ کوآرڈینیٹر آگاہی عبدالجبار، مانیٹرنگ آفیسر طیبہ، سوشل موبلائزر محمد ذیشان، محمد سعید نے شرکت کی اور میڈیا نمائندگان کو تفصیلی بریفنگ دی

فیصل آباد (ملک شیر احمد) ادارہ آگاہی اور محکمہ صحت کے زیر اہتمام گاوی (GAVI) کے تعاون سے پیدائش سے 18 ماہ کے بچوں کو 12 مہلک بیماریوں سے بچانے کے لئے اہم آگاہی سیشن پریس کلب فیصل آباد میں منعقد ہوا۔ سیشن میں ڈسٹرکٹ کوآرڈینیٹر آگاہی عبدالجبار، مانیٹرنگ آفیسر طیبہ، سوشل موبلائزر محمد ذیشان، محمد سعید نے شرکت کی اور میڈیا نمائندگان کو تفصیلی بریفنگ دی۔ اجلاس میں بتایا گیا کہ پیدائش سے لے کر ڈیڑھ سال تک کے بچوں کو 12 مہلک بیماریوں سے بچانے کے لئے حفاظتی ٹیکہ جات (ای پی آئی پروگرام) لگائے جا رہے ہیں۔ ان بیماریوں میں خسرہ (Measles)، ہیپاٹائٹس بی، پولیو، ٹی بی، کالی کھانسی، خناق (Diphtheria)، پولیو، ٹی بی، کزن توڑ بخار، مونیا، ہیضہ اور دست شامل ہیں۔ سیشن کے دوران ڈسٹرکٹ کوآرڈینیٹر عبدالجبار نے کہا کہ بچوں کی زندگیوں کو بچانے کے لئے حفاظتی ٹیکہ جات نہایت ضروری ہیں۔ یہ مہم یونین کونسل 181، 189 اور 275 سمیت دیگر علاقوں میں شروع کی جا چکی ہے جہاں فیلڈ ٹیمیں گھر گھر جا کر بچوں کو حفاظتی ٹیکے لگا رہی ہیں۔ مانیٹرنگ آفیسر طیبہ نے بریفنگ دیتے ہوئے کہا کہ حفاظتی ٹیکہ جات کی افادیت سے والدین کو آگاہ کرنا وقت کی ضرورت ہے۔ والدین کو چاہیے کہ وہ بچوں کو مقررہ وقت پر ویکسین ضرور لگوائیں تاکہ وہ ان مہلک بیماریوں سے محفوظ رہ سکیں۔ سوشل موبلائزر محمد ذیشان اور محمد سعید نے میڈیا نمائندگان کو بتایا کہ اس مہم کے دوران کسی بھی بچے کو حفاظتی ٹیکہ جات سے محروم نہیں رہنے دیا جائے گا۔ والدین کی ذمہ داری ہے کہ وہ اپنے بچوں کو مہم کے دوران ضرور لائیں۔ اس موقع پر ڈسٹرکٹ کوآرڈینیٹر نے کہا کہ آج کے سیشن کا مقصد میڈیا کو اعتماد میں لینا تھا تاکہ میڈیا کے ذریعے زیادہ سے زیادہ والدین تک یہ پیغام پہنچایا جا سکے۔

وائس چانسلر گورنمنٹ کالج یونیورسٹی فیصل آباد پروفیسر ڈاکٹر رؤف اعظم نے یونیورسٹی کے چنیوٹ سب کیمپس کا دورہ کیا

اس موقع پر نئے تعلیمی سال کے لیے وزٹنگ فیکلٹی کی بھرتی کے سلسلے میں اساتذہ کے انٹرویوز بھی کئے گئے



چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) وائس چانسلر گورنمنٹ کالج یونیورسٹی فیصل آباد پروفیسر ڈاکٹر رؤف اعظم نے یونیورسٹی کے چنیوٹ سب کیمپس کا دورہ کیا۔ اس موقع پر نئے تعلیمی سال کے لیے وزٹنگ فیکلٹی کی بھرتی کے سلسلے میں اساتذہ کے انٹرویوز بھی کئے گئے۔ دورے کے دوران کیمپس کی مختلف سہولیات کا تفصیلی جائزہ لیا گیا جن میں یونیورسٹی لائبریری، کمپیوٹر لیب اور فنا کیمینا تعمیل تعلیمی و تحقیقی ہیں۔ انہوں نے ان سہولیات کو تعلیمی و تحقیقی سرگرمیوں کے فروغ کے لیے انتہائی اہم قرار دیا اور کہا کہ کیمپس میں جدید سہولیات کی دستیابی طلبہ کے لیے ایک بہتر تعلیمی ماحول فراہم کرے گی۔ اس موقع پر یونیورسٹی کے پرو وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر ناصر امین سمیت مختلف شعبہ جات کے سربراہان بھی وائس چانسلر کے ہمراہ تھے، جبکہ ڈائریکٹر کیمپس ڈاکٹر فلک شیر نے تعلیمی و تدریسی سرگرمیوں کے بارے میں بریفنگ دی۔ ڈاکٹر فلک شیر نے بتایا کہ چنیوٹ سب کیمپس میں اس وقت 9 مختلف شعبہ جات میں تدریسی سرگرمیاں جاری ہیں، جہاں طلبہ کو اعلیٰ تعلیم کے مواقع فراہم کیے جا رہے ہیں۔ وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر رؤف اعظم نے کہا کہ GCUF چنیوٹ سب کیمپس کو ترقی دے کر اسے جدید تقاضوں سے ہم آہنگ کرنے کے لیے تمام تر اقدامات کیے گئے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ یونیورسٹی انتظامیہ کا مقصد تعلیم کے معیار کو بلند سے بلند تر کرنا اور طلبہ کو عالمی سطح کے مواقع فراہم کرنا ہے۔ وائس چانسلر نے کیمپس کے مستقبل میں چنیوٹ سب کیمپس کو مزید مضبوط بنایا جائے گا تاکہ مقامی طلبہ کو بڑے شہروں کی طرف رخ کرنے کی بجائے اپنی ہی سرزمین پر بہترین تعلیمی سہولیات میسر آسکیں۔

رائیونڈ ڈویژن میں بجلی صارفین کی شکایات کے حل کے لیے کھلی کچہری

کھلی کچہری میں تقریباً چالیس سے زائد صارفین نے اپنی شکایات پیش کیں جن میں بلوں کی اقساط، خراب میٹرز کی تبدیلی اور دیگر مسائل شامل تھے

رائیونڈ (تحصیل رپورٹر عبدالرزاق سید سے) وزیر اعظم پاکستان میاں محمد شہباز شریف اور وفاقی وزیر توانائی اویس لغاری کی ہدایات پر عمل کرتے ہوئے رائیونڈ ڈویژن میں بجلی صارفین کی شکایات کے ازالے کے لیے کھلی کچہری کا انعقاد کیا گیا۔ اس موقع پر سپرنٹنڈنٹ انجینئر (سیکنڈ سرکل) جمشید زمان اور ایسکین لیسکو واپڈا رائیونڈ محمد علی رضا نے ڈویژن کے پانچوں ایس ڈی اوز اور ریونیو آفیسر کے ہمراہ براہِ راست صارفین کے مسائل سنے اور ان کے فوری حل کے احکامات جاری کیے۔ کھلی کچہری میں تقریباً چالیس سے زائد صارفین نے اپنی شکایات پیش کیں جن میں بلوں کی اقساط، خراب میٹرز کی تبدیلی اور دیگر مسائل شامل تھے۔ متعلقہ افسران نے موقع پر ہی ان کے ازالے کے لیے اقدامات کیے۔ ایس ای جمشید زمان نے صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ کھلی کچہریوں کا مقصد صارفین کو ان کی دہلیز پر انصاف فراہم کرنا ہے۔ ان کے مطابق چیف ایگزیکٹو لیسکو محمد رمضان بٹ نے تمام سرکلز کے ایس ای صاحبان کو ہدایت دی ہے کہ وہ اپنے اپنے علاقوں میں کھلی کچہریوں کا انعقاد کریں تاکہ عوام کو دفاتر کے چکر نہ لگانے پڑیں۔ انہوں نے مزید کہا سینٹرل سرکل تمام سرکلز میں سب سے بڑا ہے جو ہر ماہ تقریباً تیس ارب روپے ریونیو اتھارٹی کو فراہم کرتا ہے۔ مجھے فخر ہے کہ میری ٹیم کی کارکردگی پر مجھے اور میرے دونوں ایکسیئنز کو ایوارڈز سے نوازا گیا۔ میری ہدایت واضح ہے کہ صارفین کے مسائل فوری اور ان کی دہلیز پر حل کیے جائیں۔ کھلی کچہری خوشگوار ماحول میں اختتام پذیر ہوئی اور شہریوں نے مسائل کے بروقت حل پر اطمینان کا اظہار کیا۔

سرکاری ملازمین کی تمام مراعات چھین کر سوتیلی ماں جیسا سلوک کیا گیا: میاں امجد علی

وفاق سمیت دیگر صوبوں میں نہ گریجویٹی کوٹ لگا نہ لیو انکیشمنٹ ختم ہوئی اور نہ ہی پینشن کٹ لگا

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ بیورو عامر جاوید) موجودہ حکومت نے پنجاب کے سرکاری ملازمین کی تمام مراعات چھین کر سوتیلی ماں جیسا سلوک کیا ہے وفاق سمیت دیگر صوبوں میں نہ گریجویٹی کوٹ لگا نہ لیو انکیشمنٹ ختم ہوئی اور نہ ہی پینشن کٹ لگا، ان خیالات کا اظہار پنجاب ٹیچرز یونین پنجاب کے مرکزی صدر میاں امجد علی نے مرکزی کلب عاملہ کے اجلاس کے بعد میڈیا کے نمائندوں سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ تفصیلات کے مطابق پنجاب ٹیچرز یونین پنجاب کی مرکزی کلب عاملہ کا ہنگامی اجلاس زیر صدارت مرکزی صدر میاں امجد علی منعقد ہوا جس میں، چیئرمین رائے غلام مصطفیٰ ریاض، سنیئر وائس چیئرمین محمد ارشد گل، مرکزی سیکرٹری جنرل مرزا طارق محمود، جنوبی پنجاب کے صدر اکبر عباس کمبوہ، سردار ظفر اللہ خان، ادریس بزمی، رائے عبداللہ، چوہدری ساجد علی دھوتھر، جاوید اقبال ※ چوہدری رحمت علی، ہوسف سہوترا، چوہدری غلام رسول، رانا خالد، چوہدری محمد اقبال بریار، رائے شمعون، عادل وڑائچ، حکیم جاوید الحسن، محمد نواز ہنجرا، ڈاکٹر رفیق، چوہدری جاوید کے علاوہ دیگر عہدیداروں نے شرکت کی، عہدیداران نے اجلاس میں اپنے اپنے اضلاع میں اساتذہ کو درپیش مسائل اور مشکلات کے بارے آگاہ کیا ان میں، لیو انکیشمنٹ کی ادائیگی، فنانس اسسٹنٹس کی ادائیگی، osd پوسٹ کی کینسلیشن اور STI اساتذہ کی سیلری کے اجراء جیسے مسائل شامل تھے جس پر پنجاب ٹیچرز یونین پنجاب کے مرکزی صدر میاں امجد علی نے کہا کہ یہ ایک لمحہ فکریہ ہے اس طرف کسی کی توجہ ہے ہی نہیں، ہم انشاءاللہ بہت جلد اعلیٰ حکام سے ملاقات کر کے ان مسائل کا حل کروائیں گے اور آخر میں لیو انکیشمنٹ گریجویٹی پینشن کے ترمیمی نوٹیفکیشن واپس کیے جانے کا حکومت پنجاب سے مطالبہ کیا۔

موجودہ سیلابی آفت نہایت افسوسناک ہے، چوہدری مستقیم مہار

رہنما پی ٹی آئی حلقہ پی پی 104 نے جاں بحق ہونیوالوں کے لواحقین سے دلی ہمدردی کا

سمندری (تحصیل رپورٹر) پی ٹی آئی حلقہ پی پی 104 کے سینئر رہنما چوہدری مستقیم مہار نے اپنے بیان میں کہا ہے کہ موجودہ سیلابی آفت نہایت افسوسناک ہے، انہوں نے جاں بحق ہونیوالوں کے لواحقین سے دلی ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے مرحومین کے لیے دعائے مغفرت اور زخمیوں کی جلد صحت یابی کی دعا کی۔ ان کا کہنا تھا کہ مشکل کی اس گھڑی میں وہ متاثرہ خاندانوں کے ساتھ کھڑے ہیں اور حکومت سمیت فلاحی اداروں سے اپیل کرتے ہیں کہ وہ بڑھ چڑھ کر سیلاب متاثرین کی مدد کریں۔ انہوں نے کہا کہ حالیہ سیلاب کی صورتحال نہایت تشویشناک اور خطرناک صورت اختیار کر گئی ہے، مختلف علاقوں میں پانی کے ریلوں نے تباہی مچا دی ہے، جس کے باعث درجنوں قیمتی جانیں ضائع ہو چکی ہیں، ہزاروں گھر سیلابی پانی کی نذر ہو گئے ہیں اور متاثرہ خاندان کھلے آسمان تلے زندگی گزارنے پر مجبور ہیں، کھڑی فصلیں اور مال مویشی بھی شدید نقصان سے دوچار ہوئے ہیں، جس کے باعث کسانوں کو بھاری مالی خسارہ برداشت کرنا پڑ رہا ہے۔

اسسٹنٹ کمشنر ساجدہ رزاق کی زیرِ صدارت میونسپل کمیٹی کے زکریا ہال میں ایک اہم اجلاس منعقد ہوا

میاں چنوں (تحصیل رپورٹر) ماہِ ربیع الاوّل (جشنِ عید میلاد النبی ﷺ) کی آمد اور انتظامات کے حوالے سے اسسٹنٹ کمشنر ساجدہ رزاق کی زیرِ صدارت میونسپل کمیٹی کے زکریا ہال میں ایک اہم اجلاس منعقد ہوا، اجلاس میں آفیسر میونسپل کمیٹی محمد فیصل، مولانا رفیق احمد شاہ جمالی، ایس ایچ او تھانہ سٹی چوہدری محمود اقبال، صدر انجمن تاجران چوہدری محمد محمود، مرکزی صدر متحدہ شہری محاذ چوہدری منشاء کھکھ، سیاسی رہنما چوہدری وحید ربانی، حاجی عبدالستار بخشلہ مکاتبِ فکر کے علمائے کرام، سیاسی و سماجی رہنماؤں، انجمن تاجران، پنجاب پولیس، ریسکیو 1122 اور دیگر اداروں کے نمائندوں سمیت معزز شخصیات نے بھرپور شرکت کی، اجلاس میں شرکاء نے اپنی اپنی تجاویز پیش کیں اور مرکزی جلوس کے دوران پیش آنے والے ممکنہ مسائل کی نشاندہی کی۔ تمام اداروں نے اس عزم کا اظہار کیا کہ جشنِ میلاد النبی ﷺ کے موقع پر اپنی ذمہ داریاں بھرپور طریقے سے ادا کریں گے، اس موقع پر اسسٹنٹ کمشنر ساجدہ رزاق کا کہنا تھا کہ ربیع الاوّل کا بابرکت مہینہ اور عید میلاد النبی ﷺ کا دن ہمارے لیے نہایت اہم، خاص اور پرمسرت دن ہے، اس موقع پر تمام وسائل بروئے کار لائے جائیں گے اور شہریوں کے اطمینان کے لئے سیکیورٹی و دیگر انتظامات کو بہترین انداز میں یقینی بنایا جائے گا۔

حکومت پنجاب کی جانب سے فلڈ ایریا میں داخلے پر پابندی عائد کرتے ہوئے دفعہ 144 نافذ

میاں چنوں (تحصیل رپورٹر) حکومت پنجاب کی جانب سے فلڈ ایریا میں داخلے پر پابندی عائد کرتے ہوئے دفعہ 144 نافذ، تاہم تلمبہ کے مقام دریائے روای پر محکمہ ایریگیشن کی مبینہ لاپرواہی کے باعث شہری دریا کے کنارے پہنچ کر سیلفیاں اور ٹک ٹاک ویڈیوز بنانے میں مصروف ہیں، مقامی افراد کا کہنا ہے کہ دریائی کٹاؤ کی وجہ سے کسی بھی وقت بڑا سانحہ پیش آ سکتا ہے، اگر کوئی شہری ڈوب جائے تو اس کا ذمہ دار کون ہوگا۔

چیئرمین مانیٹرنگ سیل، بریگیڈیئر ریٹائرڈ بابر علاؤالدین، ڈپٹی کمشنر قصور عمران علی، اسسٹنٹ کمشنر سہیل ریاض چھینہ، صدر مسلم لیگ کوٹ رادھا کشن روف نواب چوہدری کا میٹنگ کا انعقاد

کوٹ رادھا کشن (تحصیل رپورٹر) کوٹ رادھا کشن وزیر اعلیٰ پنجاب محترمہ مریم نواز شریف کی ہدایت پر چیئرمین مانیٹرنگ سیل، بریگیڈیئر ریٹائرڈ بابر علاؤالدین، ڈپٹی کمشنر قصور عمران علی، اسسٹنٹ کمشنر سہیل ریاض چھینہ، صدر مسلم لیگ کوٹ رادھا کشن روف نواب چوہدری اور دیگر متعلقہ محکموں کے افسران کے ساتھ میٹنگ کا انعقاد کیا۔ چیئرمین مانیٹرنگ سیل بریگیڈیئر ریٹائرڈ بابر علاؤالدین، نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ اس شہر کا سب سے بڑا مسلہ سیوریج کا ہے جو کہ وزیر اعلیٰ پنجاب محترمہ مریم نواز شریف نے 6 ارب سے زائد فنڈز منظور کر دیئے گئے ہیں اور کوٹ رادھا کشن میں ست

DAILY QUWAT
ایڈیٹوریل
quwateditorial786@gmail.com
نوٹ: ادارہ تمام کالم نیک نیتی کی بنیاد پر شائع کرتا ہے لہٰذا کسی بھی کالم نگار کی رائے سے ادارے کا متفق ہونا ضروری نہیں

وفاقی وزیر اطلاعات ونشریات عطا اللہ تارڑ کی گفتگو

وفاقی وزیر اطلاعات ونشریات عطا اللہ تارڑ نے کہا ہے کہ مون سون بارشوں کے نتیجے میں سیلاب کی صورت حال کے پیش نظر اس وقت قومی اتحاد کے اقدام کے طور پر قومی ہنگامی حالت سے نمٹنے کیلئے حکومت پاکستان کا تمام صوبوں، متعلقہ اداروں اور پاک فوج کے ساتھ مربوط رابطہ قائم اور حکمت عملی بنائی گئی ہے۔ چیئرمین نیشنل ڈیزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹی (این ڈی ایم اے) لیفٹیننٹ جنرل انعام حیدر ملک اور پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ (آئی ایس پی آر) کے ڈائریکٹر جنرل (ڈی جی) لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چوہدری کے ساتھ پریس کانفرنس کرتے ہوئے وفاقی وزیر نے کہا کہ سیلاب کے بعد اب تک 25 ہزار افراد کو ریسکیو کرلیا گیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ یہ ہم سب کا کام ہے، اور ہم سب مل کر اپنے لوگوں کو ریلیف پہنچائیں گے، اب تک متفقہ قومی کوششوں کے تحت 25 ہزار افراد کو ریسکیو کیا گیا ہے، ریسکیو ٹائم میں معلومات تمام اسٹیک ہولڈرز سے شیئر کی جارہی ہیں، وزیراعظم کی زیر صدارت گزشتہ روز کے اجلاس میں بھی متاثرہ علاقوں میں بحالی کی سرگرمیوں کو مربوط بنانے کے لیے حکمت عملی پر غور کیا گیا تھا۔ چیئرمین این ڈی ایم اے لیفٹیننٹ جنرل انعام حیدر ملک نے کہا کہ این ڈی ایم اے کی ویب سائٹ پر بارشوں، سیلاب میں ہونے والی جانی و مالی نقصان کی تفصیلات مسلسل اپ ڈیٹ کی جارہی ہیں، مون سون 2025 کے دوران شمالی علاقوں میں طوفانی بارشوں، کلاؤڈ برسٹ، سیلاب اور لینڈ سلائیڈز کے نتیجے میں 670 کے قریب جانوں کے نقصان اور ایک ہزار شہریوں کے زخمی ہونے کے حوالے سے ہم نے گزشتہ روز آگاہ کیا تھا۔ انہوں نے کہا کہ گزشتہ روز کی رپورٹ میں جو لوگ مسنگ تھے، ان لاپتا افراد میں سے کچھ کو برآمد کیا گیا ہے، تاہم بدقسمتی سے ان میں سے زیادہ تر زندہ نہیں مل سکے، تمام لاپتا شہریوں کی تلاش مکمل ہونے تک ریسکیو آپریشن جاری رہے گا، پاک فوج کی امدادی ٹیمیں، ریسکیو 1122 مل جل کر بحالی اور ریلیف کی سرگرمیوں میں حصہ لے رہی ہیں۔ انعام حیدر ملک نے کہا کہ اب تک 25 ہزار افراد کو ریسکیو کیا جاچکا ہے، زخمیوں کا علاج معالجہ کیا جارہا ہے، رواں ماہ کے آخری ہفتے میں متوقع اربن فلڈنگ سے نمٹنے کے لیے بھی تیاریاں کی جارہی ہیں، متوقع متاثرہ علاقوں کے حوالے سے تفصیلات بھی ہماری ایپ پر شیئر کی جارہی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ سیلاب سے بے گھر ہونے والے افراد میں راشن اور خوراک کی تقسیم کا سلسلہ بھی جاری ہے، امداد میں دوائیں اور دیگر اشیا بھی شامل ہیں، وزیراعظم کی جانب سے قومی وصوبائی اور ضلعی اداروں کی مشترکہ کاوشوں سے ہٹ کر یہ پیکیج بھی دیا گیا ہے۔ چیئرمین این ڈی ایم اے نے کہا کہ لینڈ سلائیڈنگ یا سیلاب کی وجہ سے متاثر ہونے والے قومی انفرااسٹرکچر کی بحالی کا 50 فیصد سے زائد کام مکمل کرلیا گیا ہے، اہم شاہراہوں اور سڑکوں کی مرمت اور بحالی آخری مرحلے میں ہے، جسے آئندہ ہفتے سے قبل مکمل کرلیا جائے گا، ہم فوج کا شکریہ ادا کرتے ہیں، جنہوں نے عوام کو مصیبت سے نکالنے میں اپنا حصہ بھی ڈالا۔ انہوں نے کہا کہ اس دوران ہونے والے نقصانات کا تخمینہ لگانے کے لیے سروے شروع کیا جائے گا، جسے ایک رپورٹ کی صورت میں عوامی طور پر پیش کیا جائے گا۔ ڈی جی آئی ایس پی آر لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چوہدری نے بتایا کہ جیسے ہی خیبر پختونخوا میں بارشوں اور سیلاب کا سلسلہ شروع ہوا تو آرمی چیف نے فوری امدادی سرگرمیاں شروع کرنے کی ہدایات جاری کردی تھیں، پاک فوج کے 8 یونٹس متاثرہ علاقوں میں فعال ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پاک فوج کی انجینئرنگ بریگیڈز، بٹالین اور میڈیکل یونٹس خیبر پختونخوا اور گلگت بلتستان میں ریسکیو اور امدادی سرگرمیوں میں شریک ہیں، 9 میڈیکل کیمپس میں اب تک 6 ہزار 304 شہریوں کا علاج کیا جاچکا ہے۔ ڈی جی آئی ایس پی آر کی جانب سے بتایا گیا کہ متاثرین کے لیے پاک فوج کے ایک دن کا راشن مختص کیا گیا ہے، دور دراز علاقوں میں خوراک، امداد اور دیگر سہولتوں کی فراہمی کو ممکن بنایا جارہا ہے، پوک فوج کی سگنل کور کی یونٹس پاکستان ٹیلی کمیونیکیشن اتھارٹی (پی ٹی اے) کیساتھ ملکر کام کررہی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ خیبر پختونخوا میں 90 سڑکیں متاثر ہوئی تھیں، 9 سڑکوں پر مکمل بحال کردیا گیا ہے، بارشیں جاری ہونے کی وجہ سے باقی سڑکوں کو عارضی طور پر کھول دیا گیا ہے، شاہراہ قراقرم 8 مقامات سے بلاک ہوئی تھی، جسے بحال کردیا گیا ہے، حکومت اور متعلقہ اداروں کے علاوہ کراچی سے ا? نے والی امداد کو بھی متعلقہ علاقوں تک پہنچایا جارہا ہے۔ سیلاب: پاک فوج اور انتظامی ادارے سرگرم، 25 ہزار افراد محفوظ مقامات پر منتقل

مصیبت کی گھڑی اور برسات۔

تحریر۔ فخرالزمان سرحدی ہری پور

برسات کا موسم کس قدر حسین اور دلکش ہوتا ہے۔ اس کا اندازہ اس وقت ہوتا ہے جب باران رحمت کے لیے ٹھنڈی ہوائیں بادل لے کر آتی ہیں۔ آسمان پر بادلوں کا ایک ایسا سلسلہ نظر آتا ہے ۔طبیعت ہشاش بشاش ہونے لگتی ہے۔ گرمی جب عروج پر ہوتی ہے تو قدرت مہربان ہوتی ہے۔ کالی کالی گھٹائیں رم جھم برسات سے موسم کو خوشگوار بنا دیتی ہیں۔ ہر طرف سبزہ کی فراوانی اور کوہساروں کے سرسبز مناظر کھیتوں میں سبزہ کی کثرتلیکن جب یہی برسات زیادہ مقدار میں برستی ہے تو ندی نالوں میں طغیانی سی آتی ہے اور انسانی آبادیاں برسات کے پانی کی نذر ہونے سے پریشان کن صورتحال پیدا ہونے سے مسائل پیدا ہونے شروع ہوتے ہیں۔ یہی کیفیت میرے دیس میرے وطن میں بھی ہے۔ خیبر پختونخوا کا علاقہ سوات اور دیگر میں کثرت برسات سے دریاں اور ندی نالوں میں طغیانی آنے سے ایک بحرانی کیفیت پیدا ہوچکی ہے۔ دیر اور بونیر جیسے علاقہ جات میں تو اموات کی کثرت پریشان کن صورت اختیار کرچکی ہے۔ گلگت بلتستان تک پریشان کن صورتحال کا سامنا ہے۔ ملک بھر سے امدادی قافلے مصیبت زدہ لوگوں کی مدد کے لیے جا رہے ہیں۔ افواج پاکستانصوبای حکومتوفاقی حکومت اور قومی رضا کار پوری طرح انسانیت کی خدمت کے جذبہ سے سرشار مصیبت کی گھڑی میں گھرے لوگوں کی اعانت کے لیے کوشاں ہیں۔ انتظامیہ اور امدادی ادارے بھی مصیبت کی اس گھڑی میں لوگوں کو محفوظ مقامات تک منتقل کرنے اور جو لوگ زندگی کی بازی ہار گے ان کی تدفین کی جا رہی ہے۔ گویا انسانیت سے محبت کا تقاضا بھی یہی ہے جہاں کہیں لوگ مصیبت میں گھرے ہوں ان کی دیکھ بھال کرنے کے ساتھ ساتھ مکمل بحالی کے لیے اقدامات کی ضرورت ہے۔ صوبای حکومت کے جملہ ارکان اسمبلی اور وزرا مصیبت کی گھڑی میں متاثرین کی اعانت اور بحالی کے لیے کوشاں ہیں۔ مرکزی حکومت بھی مصیبت کی گھڑی میں پریشان لوگوں کی مدد کے لیے پوری طرح متحرک ہے۔ گویا برسات کی کثرت سے پیدا ہونے والی صورتحال اور ہماری ذمہ داری کیا ہے؟ اس حوالے سے ضروری ہے کہ دریاں کے کناروں پر عمارات بنانے سے گریز کیا جائے۔ جنگلات پہاڑوں کی زینت ہوتے ہیں ۔ان سے لکڑیاں کاٹنے اور جنگلات تباہ کرنے سے گریز کیا جائے۔ حفاظتی اقدامات کیے جائیں تاکہ فضا میں بہتری پیدا ہو اور لوگ بھی محفوظ رہیں۔ زندگی ایک امانت ہے۔ اس کے تقاضے بھی تو یہی ہیں کہ زندہ رہنے کے لیے بہتر اقدامات کیے جایں۔ اس میں کوی شک نہیں کہ بارش ایک رحمت ہے۔ اس کے برسنے سے ہریالی ہوتی ہے۔ تاہم جب کثرت سے برستی ہے تو موسمی کیفیت میں ایک ہیجان خیز صورتحال پیدا ہوتی ہے۔ تاہم مصیبت کی گھڑی میں جب لوگ پریشان کن صورتحال کا سامنا کرنے پر مجبور ہوتے ہیں تو ملک بھر بلکہ عالمی سطح پر بھی بحالی کے لیے اقدامات ایک خوبصورت عمل ہے۔ یہ بات تو دین اسلام سے بھی انسانیت کی بھلای کے لیے واضح ہے۔ بقول شاعر:-

ہو میرا کام غریبوں کی حمایت کرنا
درد مندوں سے ضعیفوں سے محبت کرنا) اقبال(

انسانیت کے احترام کے تقاضے بھی یہی ہیں کہ مشکل وقت میں مدد کی جائے۔ قدرتی آفات کے شکار لوگوں کی بحالی اور آسانی کے لیے اقدامات کیے جایں۔ مصیبت کی گھڑی میں ہر فرد کے کردار کی ضرورت ہے۔ ملک میں جہاں کہیں افراد کسی پریشانی میں مبتلا ہوں ان کی دیکھ بھال کے لیے مثبت کردار ادا کیا جائے۔ زندگی کا یہ چمن جب خزاں کی زد میں ہو تو عظیم رب کے حضور دعائیں مانگی جائیں اور مثبت اقدامات بھی کیے جائیں۔ ایک بات ہمیشہ مدنظر رہے بھلائی کا دامن نہ چھوڑا جائے ۔انسانیت کی خدمت اور بھلائی کے کاموں میں بڑھ چڑھ کر کردار ادا کیا جائے۔ برسات کے موسم میں درخت اور پودے لگانے چاہیں۔ درخت اور پودے نہ صرف زمین کی خوبصورتی کا باعث بنتے ہیں بلکہ زمین کو کٹا سے بھی محفوظ رکھتے ہیں۔ سانس لینے کے لیے صاف ستھری فضا بھی مہیا کرتے ہیں۔ ماحول کو بھی درخت اور پودے خوشگوار بناتے ہیں۔ بہرحال ایک بات ہم سب کے لیے اہم ہے کہ آپس کی محبت اور بھائی چارہ سے نہ صرف مسال پر قابو پایا جا سکتا ہے بلکہ زندگی بھی خوبصورت ہوتی ہے۔

موسمیاتی تغیرات: قہرِ الٰہی یا انسانی کوتاہیاں؟

تحریر: ساجد علی شمس

گلگت بلتستان، آزاد کشمیر اور خیبر پختونخوا کی فضائیں ان دنوں آہوں اور سسکیوں سے گونج رہی ہیں۔ پہاڑوں کے دامن میں بسی ہوئی چھوٹی چھوٹی بستیاں اور گاں محض چند لمحوں کے اندر نیست و نابود ہوگئے۔ بارشوں کے طوفانی سلسلے اور بادل پھٹنے جیسے غیر معمولی واقعات نے زندگی کے رنگ کو ماتم میں بدل ڈالا۔ زمین کھسک گئی، کھڑی فصلیں بہہ گئیں، چھتیں منہدم ہوگئیں، ندی نالے خونخوار دریا بن گئے، اور ان سب کے بیچ وہ معصوم انسان اپنی جانوں سے ہاتھ دھو بیٹھے جنہیں شاید آنے والے کل کے خواب دیکھنے کی بھی مہلت نہ ملی۔ ان المیوں کے بعد ایک مخصوص رویہ حسبِ روایت ہمارے سماج میں جنم لیتا ہے۔ عام محفلوں میں، چائے خانوں پر اور مذہبی واعظوں کے بیانات میں یہ تاثر دیا جاتا ہے کہ یہ سب کچھ خدا کی آفت ہے۔ کہا جاتا ہے کہ اللہ کا غضب ہم پر نازل ہوگیا ہے، یہ بارشیں خدا کا قہر ہیں، یہ بادل ہماری بداعمالیوں کے جواب میں آسمان سے پھٹے ہیں۔ بلاشبہ خدا کی قدرت کامل ہے، وہ جو چاہے کرنے پر قادر ہے۔ لیکن عقلِ انسانی کو یکسر معطل کر دینا، اور ہر واقعے کو محض غیبی انتقام سمجھنا نہ صرف سادہ لوحی بلکہ اپنی اجتماعی ذمہ داریوں سے راہِ فرار بھی ہے۔

اگر خدا کا غضب واقعی انہی پیمانوں پر ماپا جائے تو پھر ذرا فلسطین کی سرزمین کو بھی دیکھ لیجیے۔ غزہ اور مغربی کنارے کے وہ علاقے جہاں برسوں سے آگ اور بارود کی بارش ہو رہی ہے، جہاں محض چند برسوں میں باون ہزار سے زائد نہتے مسلمان شہید کر دیے گئے، وہاں نہ زمین شق ہوئی، نہ بادل آسمان سے پھٹے، نہ زلزلے آئے۔ کیا وہاں کی معصوم عورتیں اور بچے کسی غیبی انتقام کے زیادہ مستحق نہ تھے؟ اگر وہاں آسمان خاموش ہے تو یہاں محض بارشوں اور سیلاب کو قہرِ الٰہی کہنا حقیقت کی آنکھوں میں دھول جھونکنے کے مترادف ہے۔ اصل حقیقت یہ ہے کہ یہ سب ہماری اپنی غفلت اور کوتاہیوں کا شاخسانہ ہے۔ زمین کی فطری ساخت اور ماحول کا نظام ہم نے خود بگاڑا ہے۔ ہم نے جنگلات اجاڑ دیے، پہاڑوں کو بارود سے چھلنی کر ڈالا، دریاں کے راستے میں کنکریٹ کی دیواریں کھڑی کیں، زمین کو بے دریغ تعمیرات سے بوجھل کر دیا، اور پھر توقع رکھی کہ یہ زمین ہماری نافرمانیوں کو ہمیشہ برداشت کرتی رہے گی۔ زمین بھی جواب دیتی ہے، اور بادلوں کے بے وقت پھٹنے، ندی نالوں کے طغیانی میں بدل جانے اور پہاڑوں کے زمین بوس ہونے کی صورت میں اپنے غم و غصے کا اظہار کرتی ہے۔

یہ کوئی ان دیکھا فلسفہ نہیں۔ سائنس نے دہائیوں پہلے ہمیں خبردار کیا تھا کہ اگر کاربن کے اخراج پر قابو نہ پایا گیا، اگر فضاں میں زہر گھولنے والے دھوئیں اور صنعتی فضلات کو نہ روکا گیا، اگر جنگلات کے کٹا کو نہ روکا گیا، تو زمین کا درجہ حرارت بڑھ جائے گا۔ گلیشیئر تیزی سے پگھلنے لگیں گے، اور انہی پہاڑوں سے بہنے والے ندی نالے کسی قیامت سے کم نہ ہوں گے۔ مگر ہم نے ان آوازوں کو درخورِ اعتنا نہ سمجھا۔ ہم نے ترقی کے نام پر گاڑیوں کا جنگل کھڑا کیا، فضا کو دھوئیں سے آلودہ کیا، دریاں اور جھیلوں کو گندے پانی سے بھرا، اور زمین کو کنکریٹ کی عمارتوں کے نیچے دفن کر دیا۔ یہی وجہ ہے کہ کبھی کراچی چند گھنٹوں کی بارش سے ڈوب جاتا ہے، کبھی خیبر پختونخوا کے پہاڑوں سے پتھروں کی بارش ہوتی ہے، کبھی گلگت بلتستان کی وادیوں میں بادل یوں پھٹتے ہیں جیسے قیامت برپا ہوگئی ہو۔ اور ہر بار ہم یہ سوچ کر اپنے آپ کو تسلی دے دیتے ہیں کہ یہ قہرِ الٰہی ہے۔ حالانکہ حقیقت یہ ہے کہ یہ ہماری اپنی کمائی ہے، ہماری اپنی کوتاہیاں ہیں۔

انسان نے زمین کو اجاڑ کر اپنی قبریں خود کھودی ہیں۔ جب ہم نے درختوں کے کٹا کو معمولی سمجھا تو ہمیں اندازہ نہ تھا کہ یہی سبزہ بارش کے نظام کو متوازن رکھتا ہے۔ جب ہم نے دریاں کے کناروں پر بے ہنگم تعمیرات کیں تو ہمیں یہ احساس نہ ہوا کہ پانی اپنی راہ خود بناتا ہے۔ جب ہم نے پہاڑوں کو معدنیات نکالنے کے لالچ میں چھلنی کیا تو ہمیں یہ سمجھ نہ آئی کہ زمین کی جڑیں کمزور ہو رہی ہیں۔ اب جب یہ سب عوامل مل کر بربادی کے طوفان لاتے ہیں تو ہم اسے آسمانی عذاب کہہ کر اپنی کوتاہیوں پر پردہ ڈالنے لگتے ہیں۔ ہمارے مذہب نے بھی بار بار صفائی اور اعتدال پر زور دیا ہے۔ قرآن میں فرمایا گیا ہے کہ "زمین میں فساد نہ پھیلا"۔ مگر ہم نے زمین کو سب سے زیادہ نقصان پہنچایا۔ آج درخت کاٹنے والے خود اپنی نسل کے مستقبل کاٹ رہے ہیں۔ فیکٹریوں کے دھوئیں میں لپٹی ہوئی فضا ہمارے ہی گھروں کے بچوں کو بیمار کر رہی ہے۔ پہاڑوں کے دامن سے پھوٹنے والے طوفان ہمارے ہی گھر بہا لے جاتے ہیں۔ پھر بھی ہم یہ تسلیم کرنے پر تیار نہیں کہ یہ سب کچھ ہماری اپنی کرتوتوں کا نتیجہ ہے۔

دنیا کے دیگر خطے بھی اسی المیے سے دوچار ہیں۔ افریقہ کے صحراں میں پانی کی قلت اور قحط، یورپ میں غیر معمولی گرمی کی لہر، امریکہ کے ساحلی علاقوں میں سمندری طوفان، جاپان میں بار بار آنے والی سونامیاں، سب کچھ اس بات کی دلیل ہے کہ زمین اب مزید برداشت کے قابل نہیں رہی۔ یہ موسمیاتی تبدیلیاں پوری انسانیت کے لیے ایک خطرے کی گھنٹی ہیں، ایک تنبیہ ہیں کہ اگر انسان نے اپنی روش نہ بدلی تو زمین انسان کے لیے رہنے کے قابل نہیں رہے گی۔

پاکستان بدقسمتی سے ان چند ممالک میں شامل ہے جو موسمیاتی تبدیلیوں سے سب سے زیادہ متاثر ہیں۔ ہماری حکومتیں عالمی کانفرنسوں میں بلند و بالا دعوے کرتی ہیں مگر زمینی سطح پر عملی اقدامات نہ ہونے کے برابر ہیں۔ نہ ہم نے اربوں درخت لگانے کے وعدے پورے کیے، نہ آلودگی پر قابو پایا، نہ ماحولیاتی قوانین کو مؤثر بنایا۔ نتیجہ یہ ہے کہ جب بھی بارش کچھ زیادہ ہو جاتی ہے تو ہمارے ڈیم ٹوٹ جاتے ہیں، ہماری بستیاں ڈوب جاتی ہیں، ہماری سڑکیں بہہ جاتی ہیں اور ہماری زندگیاں ملبے تلے دب جاتی ہیں۔ ہمارا سماجی رویہ بھی کسی المیے سے کم نہیں۔ ہم تباہی کے بعد کچھ دن روتے ہیں، چند دن امدادی کیمپ لگاتے ہیں، میڈیا پر شور برپا ہوتا ہے، اور پھر سب کچھ بھول کر اپنی پرانی غفلت کی طرف لوٹ جاتے ہیں۔ نہ ہم سبق سیکھتے ہیں نہ اپنے رویے بدلتے ہیں۔ یوں ہر سال وہی مناظر دہرائے جاتے ہیں، اور ہر سال سینکڑوں زندگیاں زمین کی بے بسی کے آگے ہار جاتی ہیں۔ ابھی وقت ہے کہ ہم اپنی پالیسیوں اور ترجیحات پر نظرِ ثانی کریں۔ ہمیں جنگلات کی حفاظت کرنی ہوگی، آلودگی پر قابو پانا ہوگا، فطری آبی ذخائر کے راستے بحال کرنے ہوں گے۔ ہمیں پہاڑوں اور دریاں کے قدرتی ڈھانچے کے ساتھ چھیڑ چھاڑ ترک کرنی ہوگی۔ اور سب سے بڑھ کر ہمیں ماحولیاتی شعور کو تعلیمی نصاب کا حصہ بنانا ہوگا تاکہ نئی نسل زمین سے محبت اور اس کی حفاظت کو اپنا فرض سمجھے۔

یاد رکھیے، یہ زمین خدا کی تخلیق ہے، مگر اس کا بگاڑ انسان کے ہاتھوں ہوا ہے۔ ہمیں مان لینا چاہیے کہ یہ خدائی قہر نہیں بلکہ ہماری اپنی غفلت اور بے احتیاطی ہے۔ اگر ہم نے آج اپنی روش نہ بدلی تو آنے والے دنوں میں یہ بربادیاں بڑھتی ہی رہیں گی۔ ہماری تاریخ میں یہ باب درج ہو جائے گا کہ ہم نے اپنی ہی اولاد کے لیے زمین کو قبرستان بنا ڈالا۔ اب فیصلہ ہمارے ہاتھ میں ہے۔ یا تو ہم زمین کو دوبارہ زندہ کر دیں، یا پھر اپنے ہاتھوں اپنی تباہی کا تماشہ دیکھتے رہیں۔

پاک فضائیہ کے چرچے

تحریر: عبدالباسط علوی

پاکستان ایئر فورس نے بہت سے قابل ذکر پائلٹ پیدا کیے ہیں جن کی غیر معمولی بہادری، مہارت اور عزم تاریخی تنازعات اور حالیہ مصروفیتوں میں جھلکتا ہے۔ سب سے افسانوی شخصیات میں ایئر کموڈور محمد محمود عالم ہیں، جو عام طور پر ایم ایم عالم کے نام سے جانے جاتے ہیں۔ 1965 کی پاک بھارت جنگ کے دوران، ایف 86- سبر اڑاتے ہوئے، انہوں نے ایک ہی پرواز کے دوران ایک منٹ سے بھی کم وقت میں پانچ بھارتی ہاکر ہنٹرز کو مار گرایا، جس سے انہیں یہ نادر اعزاز حاصل ہوا۔ گیارہ دن کی لڑائی کے دوران، انہوں نے نو تصدیق شدہ کامیابیاں اور دو ممکنہ فتوحات حاصل کیں، یہ ایک ایسا کارنامہ ہے جو جدید فضائی جنگ میں سب سے دلکش کامیابیوں میں سے ایک ہے۔ ایک اور مشہور ہواباز اسکواڈرن لیڈر سید سجاد حیدر ہیں، جنہیں 1965 کی جنگ میں پٹھان کوٹ ایئربیس پر حملے کی قیادت کرنے کا سہرا دیا جاتا ہے۔ ان کے بہادرانہ کم اونچائی والے حملے نے زمین پر دس سے زیادہ بھارتی طیاروں کو تباہ کر دیا، جس سے ایک اہم لمحے میں آئی اے ایف کی صلاحیتوں کو ایک تباہ کن دھچکا لگا۔ بمبار پائلٹوں میں ایئر کموڈور نجیب احمد خان، جو پیار سے "آٹھ پاس چارلی" کے نام سے جانے جاتے ہیں، نے 1965 میں آدم پور ایئربیس پر بار بار اکیلے حملوں کے دوران اپنا عرفی نام حاصل کیا۔ انہوں نے ایک ہی بار میں تمام بم گرانے کی بجائے، ہر بم درستگی کو بہتر بناتے ہوئے، متعدد حملہ آور پاس بنائے اور اپنے نڈر انداز کے لیے ستارہ جرات حاصل کیا۔ اسکواڈرن لیڈر غنی اکبر بھی ہیں، جنہوں نے 1965 کی جنگ کے دوران اہم سٹرائیک مشنز اڑائے۔ ایک فلائٹ لیفٹیننٹ کے طور پر انہوں نے پٹھان کوٹ ایئربیس پر ایک بہادرانہ دوہری بمباری کی کارروائی کو انجام دیا۔ اپنا بم پے لوڈ پہنچانے کے بعد وہ واپس مڑے اور جان بوجھ کر اضافی اہداف پر حملہ کیا، ایک بھارتی میگ 21- اور پانچ ٹینکوں کو تباہ کر دیا، حالانکہ انہیں دشمن کے علاقے میں ایندھن ختم ہونے کا خطرہ تھا۔ ایک اور مضبوط کردار ونگ کمانڈر سید منظور الحسن ہاشمی ہیں، جو 1965 اور 1971 کی جنگوں کے تجربہ کار ہیں۔ انہوں نے بیس سے زیادہ سٹرائیک مشنز اور دو فضائی دفاعی مشن اڑائے، لاہور پر گولہ باری کرنے والے بھاری دشمن توپوں کو تباہ کیا اور اپنی حفاظت کی مکمل نظرانداز کرتے ہوئے ٹھنڈی، بہادر اور آپریشنل قیادت کا مظاہرہ کیا۔ حالیہ آپریشن بنیان مرصوص کی بات کریں تو کئی ہیروز کے نام پس پردہ ہیں لیکن ایک افسر کو خصوصی مقام حاصل ہوا اور وہ ہیں اسکواڈرن لیڈر کامران مسیح بھٹی، ایک مسیحی افسر جنہیں مقبوضہ کشمیر میں راجوری ایئربیس پر حملے میں ایک اہم کردار ادا کرنے پر بھرپور پذیرائی ملی۔ اس ہائی پروفائل مشن میں ان کے بہترین کردار کو حیدرآباد میں ایک ریلی اور خراج تحسین کے ساتھ عوامی طور پر تسلیم کیا گیا، جس میں ان کی بہادری اور مسلح افواج میں اقلیتوں کی نمائندگی کے طور پر ان کی علامتی اہمیت دونوں کو اجاگر کیا گیا۔ سات اور آٹھ مئی کو لمبی رینج کے پی ایل 15- میزائلوں سے لیس جے 10- سی جیٹ طیاروں نے فیصلہ کن نتائج حاصل کیے اور مبینہ طور پر پانچ سے چھ بھارتی لڑاکا طیاروں کو مار گرایا جن میں رافیل، ایس یو 30- اور میگ 29- شامل تھے اور بھارتی فضائیہ کو کوئی کاروائی کرنے سے پہلے ہی عملاً مفلوج کر دیا۔ اگرچہ پائلٹوں کے نام ظاہر نہیں کیے گئے، لیکن اعلیٰ مہارت، درستگی اور جدید حکمت عملیوں کے استعمال سے اس مصروفیت میں پاک فضائیہ کے ہوابازوں کی اجتماعی فضیلت کی عکاسی ہوتی ہے۔ آپریشن کے بیانیے نے اس بات پر زور دیا کہ پاک فضائیہ کی نیٹ ورک سینٹرک وارفیئر کی مہارتوں، فضا، زمین اور سائبر ڈومینز میں حقیقی وقت کا تال میل اور حکمت عملی کی خود مختاری دینے والے قیادت کے فلسفے نے اس کی کامیابی میں نمایاں حصہ ڈالا۔ ایئر چیف مارشل ظہیر احمد بابر سدھو نے مبینہ طور پر اسکواڈرن لیڈروں کو فوری فیصلے کرنے کا اختیار دیا جو ایک ایسا عنصر ہے جس نے پوری فورس میں حوصلے اور آپریشنل رفتار کو بڑھایا۔ پاکستان کی فضائیہ کے ورثے میں ایم ایم عالم، سجاد حیدر، نجیب احمد خان، غنی اکبر، منظور ہاشمی اور کامران مسیح بھٹی جیسے آئیکون شامل ہیں، جن میں سے ہر ایک نے ماضی کی جنگوں کے دوران غیر معمولی ہمت اور حکمت عملی کی صلاحیت کا مظاہرہ کیا۔ ان کا جذبہ اور مہارت حالیہ آپریشن بنیان مرصوص میں شامل پائلٹوں میں جھلکتی ہے جو جے 10- سی جیٹ جیسے جدید پلیٹ فارمز چلاتے ہیں، درست اور لمبی رینج کے حملے کرتے ہیں اور دہا میں فضائی برتری کا مظاہرہ کرتے ہیں۔ ان کی اجتماعی کارکردگیاں نسلوں میں پاک فضائیہ کے ہوابازوں کی پیشہ ورانہ مہارت اور مسلسل ارتقا کی تصدیق کرتی ہیں۔ پاک فضائیہ کی طاقت اور کمال کو عالمی سطح پر بھی تسلیم کیا گیا ہے اور پاک فضائیہ کو دنیا کی اعلیٰ فضائی افواج میں شمار کیا جاتا ہے۔ حال ہی میں پاکستان نے اس سال کے رائل انٹرنیشنل ایئر ٹیٹو) آر آئی اے ٹی (ایئر شو میں نمایاں کامیابی حاصل کی، جو برطانیہ میں منعقد ہوا۔ 27 مختلف ممالک کے 220 سے زیادہ طیاروں میں سے، پاکستان کے طیارے کو دو باوقار ایوارڈز ملے۔ پاکستان ایئر فورس نے اس سال کے ایئر شو میں اپنے دو پرچم بردار طیارے دکھائے۔ پہلے طیارے، جے ایف 17- تھنڈر بلاک III-، کو "اسپرٹ آف دی میٹ" ٹرافی سے نوازا گیا۔ آر آئی اے ٹی تنظیم کے مطابق یہ ٹرافی پاک فضائیہ کو "دو مقامی لڑاکا طیاروں کو 4,000 میل کے سفر پر تعینات کرنے، ایک ٹینکر اور خاص طور پر پینٹ کیے گئے ٹرانسپورٹ طیارے کے ساتھ، اور انہیں ایک رنگین اور دلکش جامد نمائش میں پیش کرنے کی ان کی کوششوں کے اعتراف میں دی گئی۔ دوسرا جیتنے والا طیارہ، سی 130- ایچ ہرکولیس، کو آر یو اے جی ٹرافی سے نوازا گیا، جو کانکور ڈی ایلیگنس کے مجموعی فاتح کو پیش کی گئی

ہم کہاں کھڑے ہیں؟

جمہور کی آواز ایم سرور صدیقی

یہ بات غیر کریں تو ہمیں بہت برا لگتا ہے بیشتر ہم وطنوں کا خیال ہے کہ پاکستان میں جب بھی قدرتی آفات آتی ہیں افسروں ،وزیروں، مشیروں اور کرپٹ افسروں کی لاٹری لکل آتی ہے سیلاب، زلزلہ اور لینڈ سلائڈنگ کے متاثرین کی بحالی کے نام پر اربوں روپے ہڑپ کرلئے جاتے ہیں ماضی میں بھی ایسے ہی ہوا آزاد کشمیر میں زلزلہ متاثرین آج بھی متاثرین ہی ہیں سیلاب سے آفت زدہ علاقوں خصوصاً جنوبی پنجاب میں لوگ آج بھی حکومتوں کو کوستے پھرتے ہیں جن کی عمر بھر کی کمائی قدرتی آفات ک یند رہوجائے اس کا غم وہی جانتا ہے ملک بھر میں قیامت خیز بارشوں، باہ کن سیلاب، لینڈ سلائیڈنگ اور کلاؤڈ برسٹ نے تباہی مچارکھی ہے اور حکمران غیرممالک کے سیر سپاٹے پر ہیں۔ عوام کو ریلیف دینی ہو یا متاثرین کی بحالی یا امدادکا معاملہ ہو یا پھر غیر ملکی سرمایہ کاری کی کوششیں اس کے پس منظر میں یہ جاننا بھی ضروری ہوتا ہے کہ دنیا ہمارے بارے میں کیا سوچتی ہے ہمارا طرز عمل کیسا ہے؟ دوسروں کا اس بارے میں نقطہ نظر کیا ہے؟ داخلی اور خارجی مسائل کیا ہیں؟ ہماری حکومتوں کے پاس اس کا سلوشن کیا ہے؟ یا کیا ہونا چاہیے عوام کی اکثریت کو اس بات کا یقین ہے کہ ہمارے حکمران صرف اپنے متعلق ہی سوچتے ہیں عوام ان کی ترجیحات میں شامل ہی نہیں ہیں ہمارا طرز عمل ہی ایک ایسی کسوٹی ہے جسے پرکھ کر دوسرے ہمارے متعلق اپنی رائے قائم کرسکتے ہیں لیکن افسوس صد افسوس ہمارے حکمران اس میں قطعی طور پر فیل ہو چکے ہیں اسی بناء پر ہم دنیا بھر میں تماشا بنے ہوئے ہیں لیکن حکمرانوں بشمول بیوروکریسی پر مشتمل ہماری اشرافیہ کو اس کا مطلق احساس تک نہیں کہ وہ کیا کررہے ہیں؟ سوچنے کی بات یہ ہے کہ ہمارے حکمرانوں کا معاشی ایجنڈا کیا ہے شاید وہ خود بھی نہیں جانتے

کیا معاشی ایجنڈے، موثر حکمت عملی کے بغیر قومیں ایسے ہی اوپر اٹھ سکتی ہیں اس کے لئے ٹھوس منصوبہ بندی، زبردست حکمت عملی اور ویژن ہونا لازمی ہے اب ہم لاکھ دنیا بھر میں د ھنڈورہ پیٹتے پھریں کہ پاکستان میں غیر ملکی سرمایہ کاروں کے لئے حالات سازگار ہیں ،ان کے لئے ترقی کے زبردست مواقع ہیں یا پھر اس کے لئے تر غیبا ت کے روزانہ نت نئے پیکج کے اعلانات کریں کسی کو اعتبار نہیں آئے گا۔۔کیوں؟ اس کا جواب بڑا آسان اور سادہ سا ہے جب ہمارے اپنے ملک کے درجنوں سیاستدانوں، بیوروکریٹس اور سرمایہ داروں نے بھاری بھرکم انوسٹمنٹ بہت سے غیرممالک میں کررکھی ہے ہم یقین کون کرے گا؟ ان لوگوں میں ہماری سینکڑوں اہم شخصیات اور بیوروکریسی، سیاستدان اور تاجر شامل ہیں جب یہ لوگ پاکستان میں غیرملکی سرمایہ کاروں کے لئے ترغیبات کے لئے زمین آسمان کے قلابے ملارہے ہوتے ہیں تو یقیناً دنیا دل ہی دل میں ہنس رہی ہوتی ہے یہ کیسے بے وقوف ہمیں الو بنانے کی کوشش کررہے ہیں اس میں بھی شاید کوئی مبالغہ نہ ہو کوئی منہ پر نہ سہی دل میں میں ضرور یہ بھی کہہ رہاہوگا شرم تم کو مگر نہیں آتی بیشتر پاکستانیوں کو یقین ہے کہ اس اشرافیہ کو شرم نہیں آتی ۔۔جس نے عام آدمی کے لئے غربت کو بدنصیبی بنا کر رکھ دیا اور اپنے لئے دولت کے پہاڑ اکھٹے کرلئے پھر بھی ان کا جی نہیں بھرتا ہم وطنوں کا خیال ہے کہ پاکستان میں جب بھی قدرتی آفات آتی ہیں افسروں ،وزیروں، مشیروں اور کرپٹ افسروں کی لاٹری



جنوبی افریقہ کے کیشو مہاراج (سی) کو کیرنز کے کازلی اسٹیڈیم میں آسٹریلیا اور جنوبی افریقہ کے درمیان پہلے ایک روزہ بین الاقوامی (ODI) کرکٹ میچ کے دوران آسٹریلیا کے ایرون ہارڈی (L) کی اپنی پانچویں وکٹ لینے کے بعد ساتھی ساتھیوں کے ساتھ جشن منا رہے ہیں

لائٹ آن کردو پلیز، یو پی ایس بھی بند ہو گیا' سرفراز احمد چیخ اٹھے

کراچی (این این آئی) کراچی میں بارش کے بعد بجلی کی طویل بندش سے پاکستان کرکٹ ٹیم کے سابق کپتان سرفراز احمد بھی پریشان ہو گئے اور اپنے جذبات پر قابو نہ رکھ سکے۔ سرفراز احمد نے اپنے علاقے میں بجلی کی فوری بحالی کی فریاد کرتے ہوئے کے الیکٹرک کے آگے ہاتھ جوڑ لیے۔ ان کا کہنا ہے کہ علاقے کے مکین گزشتہ 10 گھنٹوں سے بجلی سے محروم ہیں جبکہ یو پی ایس بھی بند ہو چکے ہیں۔ سرفراز احمد نے انسٹاگرام اسٹوری پر پیغام شیئر کرتے ہوئے حکام سے درخواست کی کہ بھائی بفرزون کی لائٹ آن کردو، پلیز 10 گھنٹے ہو گئے ہیں، یو پی ایس بھی بند ہو گیا ہے اب۔ واضح رہے کہ منگل کے روز کراچی میں ہونے والی موسلا دھار بارش کے باعث شہر کا نظام زندگی مفلوج ہو گیا، شہری علاقوں میں شدید پانی جمع ہونے کے ساتھ ساتھ کئی مقامات پر بجلی کی فراہمی بھی معطل ہو گئی۔

میسن: اوہائیو لنڈنر فیملی ٹینس سینٹر میں سنسناٹی اوپن کے خواتین کے فائنل کے دوران پولینڈ کی ایگا سویٹیک اٹلی کی جیسمین پاولینی کے خلاف میچ پوائنٹ کا جشن منا رہی ہیں

بھارتی کھلاڑیوں کے پاکستان کے خلاف میچ کھیلنے پر تنقید نہیں ہونی چاہیے' سنیل گواسکر

سابق بھارتی کپتان نے ایشیا کپ میں پاکستان کیخلاف کھیلنے کو بھارتی کھلاڑیوں کی مجبوری قرار دے دیا

نئی دہلی (این این آئی) سابق بھارتی کپتان سنیل گواسکر نے ایشیا کپ میں پاکستان کے خلاف کھیلنے کو بھارتی کھلاڑیوں کی مجبوری قرار دے دیا۔ سنیل گواسکر نے بھارتی کرکٹرز کے حق میں بولا ہے کہ بھارتی کھلاڑیوں کے پاکستان کے خلاف میچ کھیلنے پر تنقید نہیں ہونی چاہیے۔ کھیلنا یا نہ کھیلنا اس میں کھلاڑیوں کا کوئی عمل دخل نہیں ہوتا۔ ان کا کہنا ہے کہ کھلاڑی بھارتی کرکٹ بورڈ اور حکومت کے احکامات پر عمل کرتے ہیں، اگر حکومت نے ایک فیصلہ کیا ہے تو اس پر کھلاڑیوں کو تنقید کا نشانہ کیوں بنایا جا رہا ہے۔ سنیل گواسکر کا کہنا ہے کہ آخر کار کھلاڑی بی سی سی آئی کے کنٹریکٹ میں ہیں اور وہ حکومت سے ہدایات لیتے ہیں، اس معاملے میں کھلاڑی لاچار ہیں اور وہ صرف ایشیا کپ کھیلنے کے لیے منتخب ہوئے ہیں۔ ان کا مزید کہنا ہے کہ اگر حکومت انہیں کہتی ہے کہ کھیلو تو وہ کھیلیں گے اور اگر حکومت انہیں منع کرتی ہے تو وہ نہیں کھیلیں گے۔ واضح رہے کہ بھارتی کرکٹ بورڈ نے ایشیا کپ 2025 کے لیے اسکواڈ کا اعلان کر دیا ہے۔ کھیلو تو وہ کھیلیں گے اور اگر حکومت انہیں منع کرتی ہے تو وہ نہیں کھیلیں گے۔ واضح رہے کہ بھارتی کرکٹ بورڈ نے ایشیا کپ 2025 کے لیے اسکواڈ کا اعلان کر دیا ہے سابق بھارتی کپتان نے ایشیا کپ میں پاکستان کیخلاف کھیلنے کو بھارتی کھلاڑیوں کی مجبوری قرار دے دیا

پاکستان کا جھنڈا اور نام بغیر اجازت استعمال کرنا ممنوع ہے' پاکستان سپورٹس بورڈ

بڑا ایکشن لیتے ہوئے معطل شدہ ویٹ لفٹنگ فیڈریشن پر پاکستان کا نام اور جھنڈا استعمال کرنے پر پابندی لگا دی' اعلامیہ جاری

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان اسپورٹس بورڈ نے ایک نوٹس میں خبردار کیا ہے کہ پاکستان کا جھنڈا اور نام وفاقی حکومت کی اجازت کے بغیر استعمال کرنا ممنوع ہے۔ تفصیلات کے مطابق پاکستان اسپورٹس بورڈ نے بڑا ایکشن لیتے ہوئے معطل شدہ ویٹ لفٹنگ فیڈریشن پر پاکستان کا نام اور جھنڈا استعمال کرنے پر پابندی لگا دی ہے۔ بورڈ نے اعلامیے میں کہا ہے کہ پی ایس بی آئین 2022 کے مطابق صرف الحاق شدہ فیڈریشنز قومی کہلا سکتی ہیں، غیر الحاق شدہ غیر رجسٹرڈ تنظیمیں نام پاکستان استعمال کرنے کی مجاز نہیں ہیں، وہ پاکستان کا نام استعمال نہیں کر سکتیں اور کھیل منظم کرنے کی حق دار نہیں۔ بورڈ کا کہنا ہے کہ ویٹ لفٹنگ فیڈریشن پی ایس بی سے معطل ہے اور کمپنیز ایکٹ سیکشن 42 کے تحت رجسٹرڈ نہیں ہے، اس لیے پی ڈبلیو ایل ایف پاکستانی قوانین اور آئی ڈبلیو ایف آئین کی خلاف ورزی کر رہا ہے، جب کہ آئی ڈبلیو ایف کی ویب سائٹ پر پی ڈبلیو ایل ایف کا اسٹیٹس عارضی طور پر معطل درج ہے، عارضی معطلی ممبر فیڈریشن کے آئینی فرائض پورے نہ کرنے پر ہوتی ہے۔ اسپورٹس بورڈ نے کہا ہے کہ 25 ویں پی ایس بی میٹنگ 6 جولائی 2022 میں پی ڈبلیو ایل ایف کو معطل کیا گیا تھا، یہ معطلی بے ضابطگیوں، بدعنوانیوں اور اینٹی ڈوپنگ کوڈ خلاف ورزیوں پر کی گئی تھی، جب کہ معطل عہدیداران کے خلاف انکوائری بھی جاری ہے۔ بورڈ کے مطابق انٹرنیشنل ٹیسٹنگ ایجنسی رپورٹ میں عمران بٹ اور عرفان بٹ پر ڈوپنگ قوانین خلاف ورزی ثابت ہو چکی ہے، ڈوپنگ خلاف ورزیاں ممنوعہ ادویات رکھنے، پلانے اور اعانت پر تھیں۔ بورڈ کے مطابق یکم فروری 2025 کے انتخابات پی ایس بی آئین اور ہائی کورٹ فیصلے کی خلاف ورزی ہیں

پہلا ون ڈے' جنوبی افریقہ نے آسٹریلیا کو 98 رنز سے شکست

کیشو مہاراج کی شاندار بولنگ کی بدولت آسٹریلیا کو 98 رنز سے شکست ہو گئی' سیریز میں برتری

کیرنز: (این این آئی) جنوبی افریقہ نے پہلے ون ڈے میچ میں کیشو مہاراج کی شاندار بولنگ کی بدولت آسٹریلیا کو 98 رنز سے شکست دے دی۔ کیرنز میں ہونیوالے ون ڈے سیریز کے پہلے میچ میں آسٹریلیا نے ٹاس جیت کر جنوبی افریقہ کو پہلے بیٹنگ کی دعوت دی، جنوبی افریقہ نے پہلے بیٹنگ کرتے ہوئے مقررہ 50 اوورز میں 8 وکٹوں کے نقصان پر 296 رنز بنائے۔ جنوبی افریقہ کی جانب سے پہلے بیٹنگ کرتے ہوئے ایڈن مارکرام نے 82، ٹمبا باوما نے 65 اور میتھیو بریٹز نے 57 رنز کی نمایاں اننگز کھیلی۔ آسٹریلیا کی جانب سے ٹریوس ہیڈ نے چار، بین ڈوریشس نے دو اور ایڈم زیمپا نے ایک وکٹ حاصل کی۔ ہدف کے تعاقب میں آسٹریلوی ٹیم نے جارحانہ آغاز کیا تاہم 60 رنز پر پہلی وکٹ گرنے کے بعد آسٹریلوی بلے باز کیشو مہاراج کی تباہ کن بولنگ کا سامنا نہ کر سکے۔ کپتان مچل مارش 88 رنز بنا کر نمایاں رہے، بین ڈوریشس 33 اور ٹریوس ہیڈ 27، عثمان ایلس 14، ایڈم زیمپا 11، جوش انگلس پانچ، آرون ہارڈی چار، کیمرون گرین تین، مارنس لبوشین ایک اور ایلکس کیری بغیر کوئی رن بنائے آؤٹ ہوئے۔ کیشو مہاراج نے 57 رنز کے عوض پانچ وکٹیں حاصل کیں

پاکستان ٹیم کا پری سیزن کیمپ آج سے دبئی میں شروع ہوگا

قومی ٹیم کے پلیئرز 4 مختلف گروپس کی صورت میں دبئی پہنچے ہیں، دبئی میں پری سیزن کیمپ 27 اگست تک جاری رہے گا

دبئی (این این آئی) ایشیا کپ اور ٹرائی سیریز کی تیاری کے سلسلے میں پاکستان ٹیم کا پری سیزن کیمپ آج جمعرات سے دبئی میں شروع ہوگا۔ قومی ٹیم کے پلیئرز 4 مختلف گروپس کی صورت میں دبئی پہنچے ہیں، دبئی میں پری سیزن کیمپ 27 اگست تک جاری رہے گا۔ کیمپ کے دوران انٹرا اسکواڈ میچ بھی کھیلا جائے گا۔ پاکستان کرکٹ بورڈ پی سی بی کی جانب سے 26-2025 کے لیے کرکٹرز کے سینٹرل کنٹریکٹس کا اعلان کر دیا گیا ہے۔ جس کے تحت 30 کھلاڑیوں کو کنٹریکٹس دیے گئے ہیں۔ تفصیلات کے مطابق سینٹرل کنٹریکٹ کی اے کیٹیگری کو ختم نہیں کیا گیا ہے نئے سینٹرل کنٹریکٹ میں کوئی بھی کھلاڑی اے کیٹیگری کے معیار پر پورا اترنے میں کامیاب نہ ہو سکا۔ کیٹیگری بی، سی اور ڈی میں پرفارمنس کی بنیاد پر 10، 10 کھلاڑیوں کو شامل کیا گیا ہے، کنٹریکٹس یکم جولائی 2025 سے 30 جون 2026 تک لاگو ہوں گے۔ رپورٹس کے مطابق 27 کھلاڑیوں کو گزشتہ سال کنٹریکٹ دیے گئے تھے جبکہ اس سال 12 نئے کھلاڑیوں کو بھی فہرست میں شامل کیا گیا ہے۔ 9 کھلاڑی اس مرتبہ اپنی سابقہ کیٹیگری برقرار رکھنے میں کامیاب ہوئے، جبکہ 8 کھلاڑی کنٹریکٹ حاصل کرنے میں ناکام رہے۔ بی کیٹیگری میں قومی ٹیم کے سابق کپتان بابر اعظم، محمد رضوان، شاہین شاہ آفریدی، فخر زمان، شاداب خان، ابرار احمد، حارث رؤف، حسن علی، صائم ایوب، سلمان علی آغا ہیں۔ سی کیٹیگری میں عبداللہ شفیق، نسیم شاہ، سعود شکیل، فہیم اشرف، ساجد خان، محمد نواز، محمد حارث، صاحبزادہ فرحان، حسن نواز، نعمان علی شامل ہیں۔ ڈی کیٹیگری کی اگر بات کی جائے تو اس میں شان مسعود، حسین طلعت، محمد عباس، محمد وسیم جونیئر، محمد عباس آفریدی، خوشدل شاہ، احمد دانیال، سلمان مرزا، خرم شہزاد، سفیان مقیم شامل ہیں۔

پولینڈ کے Iga Swiatek اور ناروے کے Casper Ruud اپنے راؤنڈ آف 16 مکسڈ ڈبلز میچ میں امریکا کی میڈیسن کیز اور امریکا کے فرانسس ٹیافو کے خلاف جیت کا جشن منا رہے ہیں

ایشیاء کپ ہاکی' نیا شیڈول جاری، پاکستان شرکت نہیں کریگا

کراچی (این این آئی) ایشین ہاکی فیڈریشن نے ہاکی ایشیاء کپ کا نیا شیڈول جاری کر دیا۔ اے ایچ ایف نے ایونٹ میں پاکستان کی عدم شرکت کی تصدیق کر دی، پاکستان کی جگہ بنگلا دیش کی باضابطہ شمولیت کا اعلان کیا گیا ہے۔ عمان کی ٹیم بھی ٹورنامنٹ میں شرکت نہیں کر رہی، پاکستان اور عمان کی جگہ قازقستان اور بنگلا دیش کو شامل کیا گیا ہے۔ پول اے میں بھارت، جاپان، چین اور قازقستان شامل ہیں۔ پول بی میں ملائیشیا، بنگلا دیش، کوریا اور چائنیز تائپے شامل ہیں۔ پاکستان ہاکی فیڈریشن نے باقاعدہ طور پر ٹورنامنٹ کے بارے میں کوئی اعلان نہیں کیا ہے۔

ریئل میلورکا کے سلوواک ڈیفنڈر 24# مارٹن ویلیجینٹ، بارسلونا کے انگلش فارورڈ 14# مارکس راشفورڈ اور ریئل مالورکا کے ہسپانوی مڈفیلڈر 06# انتونیو سانچیز RCD میلورکا اور FC بارسلونا کے درمیان میلورکا کا Son de Moix Stad125 میں اگست 25 میں ہسپانوی لیگ فٹ بال میچ کے دوران گیند کے لیے مقابلہ کر رہے ہیں

انٹرنیشنل

لندن: ویسٹ منسٹر مجسٹریٹ کورٹ میں سینکڑوں حامیوں کے عدالت کے باہر احتجاج کر رہے ہیں

حزب اللہ کے ہتھیار لبنان کے لیے وبال بن گئے ہیں، سابق لبنانی وزیر اعظم

بیروت (این ای آئی) لبنان کے سابق وزیر اعظم فواد سینیورا نے خبردار کیا ہے کہ حزب اللہ کے پاس موجود ہتھیار اب لبنان کے تحفظ کا ذریعہ نہیں رہے بلکہ یہ ملک کے لیے ایک بوجھ اور وبال بن چکے ہیں۔ یہ ہتھیار ماضی میں بھی لبنان کو جنگ کی طرف کھینچ کر لے گئے تھے اور لبنانی عوام کو خطرات میں جھونک چکے ہیں۔ سابق وزیر اعظم نے ان خیالات کا اظہار گزشتہ روز کیا ہے۔ ان کا کہنا تھا آج حزب اللہ اور اس کے ہتھیاروں کی وجہ سے لبنان کے ایک جانب چٹان ہے اور دوسری جانب سخت پتھر ہے۔ ان دونوں کے درمیان لبنان پھنس کر رہ گیا ہے۔

واشنگٹن: وائٹ ہاؤس کی پریس سکریٹری کیرولین لیویٹ پریس بریفنگ کر رہی ہیں

شاہ فہد قومی لائبریری، ریاض میں ثقافتی ورثے کی علامت اور زندہ تاریخی یادگار

اس کا کردار اب لائبریری کی تصویر سے ہٹ کر تیسری جگہ کے تصور تک پہنچ گیا ہے، رپورٹ

ریاض (این این آئی) ہاشم شلتوت شاہ فہد قومی لائبریری کو پڑھنے اور اپنی میڈیسن کی پڑھائی کو جاری رکھنے کے لیے ایک پناہ گاہ کے طور پر استعمال کرتے ہیں۔ ہاشم شلتوت ایک سعودی نوجوان ہیں اور بیرون ملک پڑھنے کی تیاری کر رہے ہیں۔ ریاض کے وسط میں واقع اس لائبریری کے کونے کونے میں انہیں اپنے مطلب کی اشیا ملتی ہیں۔ یہ لائبریری ہاشم کو علمی مقالے تیار کرنے اور اسباق یاد کرنے کے لیے ایک مناسب ماحول فراہم کرتی ہے۔ اس نوجوان کا تعلق اس لائبریری سے جو ریاض کے وسط میں واقع ہے اور ایک علمی مرکز ہے جو دانشوروں اور دلچسپی رکھنے والے افراد کو اپنی طرف کھینچتا ہے۔ یہ لائبریری 8 سال قبل قائم ہوئی تھی۔ ہاشم مسلسل یہاں آتا ہے تاہم ہفتے کے آخر میں لائبریری کے اوقات بڑھائے جانے کے بعد سے اس کا تعلق لائبریری سے مزید مضبوط ہو گیا ہے۔ لائبریری کے اوقات کار میں توسیع کا مقصد قاری کے ساتھ تعلق کو بڑھانا تھا۔ خاص طور پر اس لیے کہ یہ سعودی عرب کے پاس موجود تہذیبی ثروت کو ظاہر کرتی ہے۔ اس طرح علم کے ذرائع تک رسائی کے لیے ایک نیا فریم ورک تیار کرتی ہے اور دلچسپی رکھنے والے افراد کو ریاض کے وسط میں واقع لائبریری میں پڑھنے کی خدمات سے فائدہ اٹھانے کا زیادہ لچکدار موقع فراہم کرتی ہے۔ لائبریری کا آغاز جمعہ کو دوپہر 1:00 بجے سے آدھی رات 12:00 بجے تک ہوتا ہے اور ہفتہ کو صبح 10:00 بجے سے رات 10:00 بجے تک ہوتا ہے۔ ہفتے کے آخر میں اوقات میں اضافہ کر دیا جاتا ہے۔ لائبریری زائرین کے لیے زیادہ وقت فراہم کر کے اپنی کارکردگی کو بڑھا رہی ہے۔

اسرائیل غزہ میں خوراک کی ترسیل میں مسلسل رکاوٹ پیدا کر رہا ہے، امدادی گروپس

اسرائیلی رکاوٹوں کی وجہ سے غزہ کے جنگ زدہ لوگوں کے لیے خوراک لے کر جانا سخت تکلیف دہ کام ہے، بیان

میں نے زندگی میں انسانی بنیادوں پر ہونے والے کام میں اس طرح کی رکاوٹ کہیں نہیں دیکھی جو رکاوٹیں اسرائیلی ریاست کے فوجی یا دوسرے ادارے پیدا کر رہے ہیں

غزہ (این این آئی) رفح کی راہداری پر دوسری جانب سینکڑوں ایسے ٹرک کئی کئی دنوں اور ہفتوں سے کھڑے ہیں تاکہ اسرائیلی ریاست کے حکام سے اجازت کے بعد غزہ میں داخل ہو کر انسانی بنیادوں پر امداد کی تقسیم کر سکیں۔ تقریباً دو سال سے جاری جنگ میں اقوام متحدہ نے بار بار انتباہ کیا ہے کہ اسرائیلی ریاست کی ناکہ بندی کی وجہ سے غزہ میں قحط کا سماں ہے۔ خوراک کے ساتھ ساتھ صاف پانی اور ادویات کی دستیابی بھی ممکن نہیں رہی۔ جبکہ امدادی گروپوں کا کہنا ہے کہ اس ناکہ بندی اور جگہ جگہ اسرائیلی رکاوٹوں کی وجہ سے غزہ کے جنگ زدہ لوگوں کے لیے خوراک لے کر جانا سخت تکلیف دہ کام ہے۔ خوراک کی فراہمی انتہائی سست روی کا شکار ہے اس لیے غزہ میں انسانی بحران کا سامنا ہے تاہم اسرائیل اقوام متحدہ اور دیگر انسانی بنیادوں پر کام کرنے والے اداروں کے مقف سے ہٹ کر مسلسل یہ دعوی کر رہا ہے کہ خوراک اور امدادی سامان کو نہیں روک رہا۔ اقوام متحدہ کے حکام کا کہنا تھا کہ متعدد ٹرک ڈرائیور اور مصری ہلال احمر کے رضا کار رفح کے اس پار انتظار میں ہیں کہ انہیں کب غزہ جانے کی اجازت ملے گی۔ حکام نے کہا کہ خوراک اور امداد کی فراہمی کی یہ کوششیں اکثر رد کر دی جاتی ہیں۔ بہت ساری چیزیں صرف اس لیے غزہ میں داخلے کی اجازت نہیں ہے کہ ان میں کسی قدر دھاتوں کا استعمال ہے۔ یہ بات فرانس کے میڈیکل چیریٹی سے متعلق ایمرجنسی شعبے کے سربراہ اوانڈے بیزیرولی نے کہی ہے۔ رفح کے اس پار مصر کی طرف ٹرکوں کے سامان کے ساتھ بیٹھے لوگ سخت گرمی میں موجود تھے اور انہیں اسرائیلی حکام نے اس کے باوجود روک رکھا تھا کہ اقوام متحدہ کے حکام بار بار یہ رپورٹ کر رہے ہیں کہ غزہ میں خوراک کی شدید قلت ہے۔ اسرائیلی حکام اس کے باوجود مختلف اشیا لے جانے والے ٹرکوں کو روک لیتے ہیں کہ ان کی پہلے سے منظوری دی گئی ہوتی ہے اور انہیں پھر راستے سے واپس بھیج دیا جاتا ہے۔ اسرائیلی فوج سے متعلق ادارہ 'کوگیٹ' اس سلسلے میں سامان کو مختلف حیلوں بہانوں سے واپس بھیج دیتا ہے۔ مصری ہلال احمر کی ذمہ دار امل ایمان نے کہا اس طرح کی خواہ مخواہ کی شرائط کو پورا کرنا ایک کا ردارد ہے اور اس پر اخراجات بھی زیادہ آتے ہیں۔ انہوں نے کہا میں نے زندگی میں انسانی بنیادوں پر ہونے والے کام میں اس طرح کی رکاوٹ کہیں نہیں دیکھی جو رکاوٹیں اسرائیلی ریاست کے فوجی یا دوسرے ادارے پیدا کر رہے ہیں۔ یہ انجینئر ڈ بھوک ہے۔ حتی کہ سادہ سی ادویات کو بھی غزہ منتقل کرنے میں کئی ہفتے لگ جاتے ہیں۔ عالمی ادارہ صحت نے اسی دوران کئی بار کہا ہے کہ غزہ میں انسولین کی فراہمی میں دیر نہ کی جائے کہ اس کے لیے مخصوص ٹمپریچر کی ضرورت ہوتی ہے۔ لیکن اسرائیلی ریاست کے حکام جان بوجھ کر ادویات سے متعلق ریفریجریٹرز کو بھی غزہ میں داخل ہونے سے روک دیتے ہیں۔

پوتین نے سعودی ولی عہد کو امریکہ کے ساتھ بات چیت کے نتائج سے آگاہ کیا

روسی صدر نے یوکرین تنازع پر امریکا کے موقف کا احترام کرنے کی تصدیق کی، کریملن

ریاض (این این آئی) کریملن کے اعلان کے مطابق روسی صدر ولادی میر پوتین نے سعودی ولی عہد اور وزیر اعظم شہزادہ محمد بن سلمان سے فون پر بات کی۔ کریملن کے بیان کے مطابق پوتین نے ولی عہد کو امریکی قیادت سے ہونے والی اپنی حالیہ بات چیت کے نتائج سے آگاہ کیا۔ روسی اور امریکی صدور نے الاسکا میں یوکرین تنازع پر ملاقات کی، جس کے ابتدائی نتائج زیر بحث تھے۔ اسی دوران امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے بھی پوتین سے فون پر بات کی، جس میں دونوں رہنماں نے روس اور یوکرین کے درمیان براہ راست مذاکرات پر تبادلہ خیال کیا۔ ٹرمپ نے محتاط امید کا اظہار کیا کہ یوکرین میں امن قائم کیا جا سکتا ہے۔ انھوں نے یورپی رہنماں کے ساتھ مل کر جنگ کے خاتمے کے لیے تعاون کا عزم ظاہر کیا۔ الاسکا میں تین گھنٹے طویل ملاقات کو فریقین نے بامعنی اور نتیجہ خیز قرار دیا۔ پوتین نے کہا کہ ان کی یہ ملاقات وقت پر اور بہت مفید رہی۔ سعودی وزارت خارجہ نے بھی روسی-یوکرینی بحران کے پرامن حل اور دونوں ممالک کے درمیان امن قائم کرنے کی تمام سفارتی کوششوں کی حمایت کا اعادہ کیا۔ کریملن کے بیان کے مطابق پوتین نے امریکی موقف کا احترام کرتے ہوئے کہا کہ روس، یوکرین تنازع کو پرامن طور پر ختم کرنے کے لیے کوشاں ہے۔ انھوں نے مزید کہا کہ اس سطح پر اتنی براہ راست اور تفصیلی بات چیت کافی عرصے بعد ہوئی اور اس سے روسی موقف کو وضاحت کے ساتھ بیان کرنے کا موقع ملا۔ الاسکا اجلاس کے تین دن بعد ٹرمپ نے کہا کہ یوکرین اپنے بڑے علاقوں پر دوبارہ کنٹرول حاصل کرے گا اور وہ وقت ضائع نہیں کرنا چاہتے، بلکہ صرف جنگ ختم کرنا چاہتے ہیں۔ ٹرمپ نے کہا کہ یوکرین کے صدر ولودی میر زیلنسکی کو مذاکرات میں لچک دکھانا ہوگی... اور ممکن ہے کہ پوتین ابھی معاہدہ کرنے کے لیے تیار نہ ہوں۔

زمرہ 3 کا سمندری طوفان ایرین پورٹوریکو کے علاقے ناگوابو سے نکلتا ہوا ایک ٹرک سیلاب زدہ سڑک سے گزر رہا ہے

12 روز جنگ کے بعد ہماری تیاری بڑھ گئی ہے، ایرانی پاسداران انقلاب

تہران (این این آئی) ایران کی جانب سے اسرائیل کو دی جانے والی تنبیہات کو دہراتے ہوئے ایرانی سپاہ پاسداران انقلاب نے ایک بار پھر اس بات کی تصدیق کی ہے کہ ایران گزشتہ جون کے بعد سے مزید تیار ہو چکا ہے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق پاسداران انقلاب کے ڈپٹی کمانڈر علی فدوی نے ایک بیان میں کہا کہ سپاہ پاسداران انقلاب کے قیام سے لے کر اب تک جنگی صلاحیتوں کو بڑھانا ہمیشہ اس کے ایجنڈے میں شامل رہا ہے اور یہ کبھی نہیں رکا۔ انہوں نے مزید کہا کہ ایرانیوں نے اسرائیل کے ساتھ بارہ روزہ جنگ کے دوران پاسداران انقلاب کی صلاحیتوں میں اضافہ دیکھا ہے۔ پاسداران انقلاب کی تیاری دو ماہ قبل کے مقابلے میں بڑھ گئی ہے۔

یوکوہاما: جاپانی وزیر اعظم شیگیرو ایشیبا (ایل) اور ماریشس کے وزیر اعظم نوین رامگولم (ر) پیشکیو یوکوہاما TICAD (افریقی ترقی پر ٹوکیو بین الاقوامی کانفرنس) 9 کے موقع پر اپنی دوطرفہ میٹنگ کے دوران گفتگو کر رہے ہیں

روزنامہ قوت لاہور
چیف ایڈیٹر میاں محمد فیاض

صنعت وتجارت نیوز

معیشت نامہ

فیصل آباد: ڈیلی ویجز سینٹری ورکرز کو سوشل سکیورٹی کارڈ جاری کرنے کی تقریب

تقریب کے مہمانِ خصوصی پاکستان لیبر قومی موومنٹ کے چیئرمین بابا لطیف انصاری اور کیئر کمپنی کے منیجر میاں عمیر تھے

فیصل آباد (مسعود احمد بھٹی) کیئر کمپنی ستھرا پنجاب ڈیلی ویجز سینٹری ورکرز کو فیصل آباد سٹی اور جڑانوالہ میں کام کرنے والے سینٹری ورکرز کو آج محکمہ سوشل سکیورٹی ایسٹ کے ڈائریکٹر طارق فاروق کے آفس میں سوشل سکیورٹی کارڈ جاری کرنے کی تقریب ٭ بابا لطیف انصاری چیئرمین پاکستان لیبر قومی موومنٹ صدر حقوق خلق پارٹی پنجاب اور ان کی ٹیم نے مسلسل جدوجہد سے سینٹری ورکرز کو سوشل سکیورٹی کارڈ جاری ہوئے آج کی تقریب میں ایڈیشنل منیجر کیئر کمپنی میاں عمیر' رب نواز دو صدر پاکستان لیبر قومی یونین فیصل آباد ٭ رانا ریاض ٭ روبین لطیف انصاری پیرلیگل آمنہ رزاق فیڈ کو آرڈینیٹر و دیگر نے شرکت کی۔ محکمہ سوشل سکیورٹی نے کیئر کمپنی کے 1270 مزدوروں کو سوشل سکیورٹی کارڈز جاری کر دیئے۔ اس سلسلے میں ایک پروقار تقریب کا انعقاد کیا گیا، جس کا آغاز پاکستان لیبر قومی موومنٹ کے مرکزی صدر رب نواز دوئو نے کیا۔ تقریب کے مہمان خصوصی پاکستان لیبر قومی موومنٹ کے چیئرمین بابا لطیف انصاری اور کیئر کمپنی کے منیجر میاں عمیر تھے۔ بابا لطیف انصاری نے محنت کشوں میں سوشل سکیورٹی کارڈز تقسیم کیے اور کیئر کمپنی کے اس اس اقدام کو سراہتے ہوئے کہا کہ یہ قدم مزدوروں کے فلاحی حقوق کی فراہمی کی جانب ایک مثبت پیش رفت ہے۔ سوشل سکیورٹی کارڈ سے مزدوروں کے خاندانوں کا علاج معالجہ فری ہو گا انہوں نے مزید کہا کہ اس طرح کے اقدامات سے مزدور طبقے کا اعتماد بڑھے گا اور ان کی زندگیوں میں مثبت تبدیلی آئے گی اور محنت کشوں کے حقوق کے تحفظ کے لیے اپنی مسلسل جدوجہد کو جاری رکھنے کے عزم کا اعادہ کیا۔ تقریب میں محکمہ سوشل سکیورٹی کے ڈائریکٹر ایسٹ طارق فاروق اور ڈپٹی ڈائریکٹر حمزہ اعوان نے شرکت کی اور محکمہ کی جانب سے مزدوروں کو سہولیات کی فراہمی کے عزم کو دہرایا۔ تقریب میں شرکت کرنے والے دیگر اہم رہنماؤں میں سینٹری ورکرز کے صدر میاں رزاق، پروین لطیف، آمنہ رزاق، ضلعی جنرل سیکرٹری رانا ریاض، فیض بندیشہ، رانا ناظم، عظیم اور دیگر شامل تھے۔ یہ تقریب نہ صرف مزدوروں کے حقوق کے تحفظ کی جانب ایک اہم قدم تھی بلکہ اس سے مزدور طبقے کے اعتماد میں بھی اضافہ ہوا ہے۔ پاکستان لیبر قومی موومنٹ اور محکمہ سوشل سکیورٹی کی اس مشترکہ کاوش کو شرکا نے خوب سراہا۔

وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی ہدایت پر ضلعی انتظامیہ ننکانہ صاحب سیلابی علاقوں میں امدادی کارروائیوں میں مصروف عمل ہے

ننکانہ صاحب (چوہدری محمد عرفان گجر) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی ہدایت پر ضلعی انتظامیہ ننکانہ صاحب سیلابی علاقوں میں امدادی کارروائیوں میں مصروف عمل ہے۔ تفصیلات کے مطابق ڈپٹی کمشنر محمد تسلیم اختر راو کا منڈی فیض آباد کے سیلابی علاقوں کا دورہ، ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر ننکانہ فراز احمد، اسسٹنٹ کمشنر عطیہ عنائیت، ڈسٹرکٹ ایمرجنسی آفیسر ریسکیو 1122 سمیت دیگر افسران بھی موجود تھے۔ افسران نے نواں کوٹ اور جٹاں دا واڑہ کے سیلابی علاقوں کا دورہ کیا۔ ڈپٹی کمشنر اور ڈی پی او نے ریلیف کیمپس میں سہولیات و سیلاب میں استعمال ہونے والے سامان و آلات کا جائزہ لیا۔ افسران نے لوگوں اور جانوروں کو محفوظ مقامات پر منتقل کرنے سمیت دیگر انتظامات کا جائزہ لیا۔ اس موقع پر ڈپٹی کمشنر محمد تسلیم اختر راو نے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ ریسکیو 1122، محکمہ صحت، ایریگیشن، لائیو سٹاک سمیت دیگر اداروں کی جانب سے ریلیف کیمپس قائم ہیں، سیلابی علاقوں سے لوگوں اور مال مویشیوں کا انخلاء یقینی بنا کر ان کو محفوظ مقامات ریلیف کیمپس میں منتقل کیا جا رہا ہے۔ عوام الناس کے جان و مال کے تحفظ کو یقینی بنانے کے لیے ترجیحی بنیادوں پر اقدامات جاری ہیں۔ ڈی سی ننکانہ نے کہا کہ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی ہدایت پر ضلعی انتظامیہ مکمل طور پر الرٹ ہے، سیلابی صورتحال سے نمٹنے کے لیے متعلقہ اداروں کے افسران و عملے کی چھٹیاں منسوخ کر دی گئی ہیں۔ دریائے راوی میں طغیانی الارمنگ ہے، ہنگامی صورتحال سے نبرد آزما ہونے کے لیے ضلعی انتظامیہ مکمل طور پر تیار ہے۔ ہنگامی صورتحال سے نمٹنے کے لیے ڈسٹرکٹ ایمرجنسی آپریشن سنٹر 24 گھنٹے فعال ہے۔ ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر فراز احمد نے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ ہنگامی صورتحال سے نمٹنے کے لیے تمام ادارے آپسی کوارڈینیشن کو یقینی بنائیں، ضلعی انتظامیہ اور پولیس عوام الناس کے جان و مال کے تحفظ کو یقینی بنانے کے لیے مکمل اور عملی اقدامات کر رہی ہے۔

جہلم سول ڈیفنس کی سرپرستی میں تھانہ جلالپور شریف کی بغل میں غیر قانونی پٹرول ایجنسیاں قائم قانون نافذ کرنے والے اداروں کی کارکردگی سوالیہ نشان

جہلم (بیورو رپورٹ) جہلم سول ڈیفنس کی سرپرستی میں تھانہ جلالپور شریف کی بغل میں غیر قانونی پٹرول ایجنسیاں قائم قانون نافذ کرنے والے اداروں کی کارکردگی سوالیہ نشان۔ تفصیلات کے مطابق تھانہ جلالپور شریف کی حدود میں غیر قانونی پٹرول ایجنسیوں کی بھرمار ہو چکی ہیں، غیر قانونی پٹرول ایجنسیوں کے مالکان نے شہریوں کو دونوں ہاتھوں سے لوٹنا شروع کر رکھا ہے۔ مقامی انتظامیہ نے گزشتہ ماہ کارروائیاں کرتے ہوئے پٹرول ایجنسیاں سر بمہر کی تھیں لیکن سیل ہونے کے چند گھنٹے بعد نادیدہ قوتوں کی مداخلت سے ایجنسیاں دوبارہ کھول دی گئی جس پر عوامی سماجی حلقوں نے گہری تشویش کا اظہار کیا۔ عوامی سماجی حلقوں کا کہنا ہے کہ غیر قانونی پٹرول ایجنسیوں کی کی وجہ سے عوام کے سروں پر خوف کے بادل منڈلاتے رہتے ہیں اور کسی بھی وقت کوئی بڑا حادثہ ہو سکتا ہے علاقہ مکینوں نے ڈپٹی کمشنر/ چیرمین سول ڈیفنس سے نوٹس لینے اور قانون کے ساتھ کھلواڑ کرنے اور قانون شکن افراد کی سرپرستی کرنے والے افراد کے خلاف مقدمات درج کروانے کا مطالبہ کیا ہے

سمندری۔ چوہدری عادل پرویز سلطان کا PTI کے رہا ہونیوالے کارکنان کو شاندار الفاظ میں خراج تحسین

کارکنوں کو پھولوں کے ہار پہنائے اور ان کی جرات و بہادری کو زبردست الفاظ میں سراہا، کارکنان کو کبھی تنہا نہیں چھوڑوں گا، گفتگو

سمندری (تحصیل رپورٹر) چوہدری عادل پرویز سلطان کی PTI کے رہا ہونیوالے کارکنان سے ملاقات، پھولوں کے ہار پہنا کر شاندار الفاظ میں خراج تحسین، پی ٹی آئی ورکرز پارٹی کے ساتھ کا جھومر ہیں۔ تفصیلات کے مطابق پاکستان تحریک انصاف حلقہ پی پی 105 کے ٹکٹ ہولڈر سابق MPA چوہدری عادل پرویز سلطان گجر 14 اگست کی ریلی میں گرفتار ہونیوالے پی ٹی آئی کارکنان کی رہائی کے بعد ان کی رہائش گاہوں پر پہنچے اور پر کارکنوں کو پھولوں کے ہار پہنائے اور ان کی جرات و بہادری کو زبردست الفاظ میں سراہا۔ اس موقع پر کوآرڈی نیٹر حلقہ پی پی 105 چوہدری امجد گجر، سینئر صحافی چوہدری اعظم رضا راول، حاجی شہزاد گجر، چوہدری مبشر حیات، ملک آصف رؤف، میاں مبشر علی بھی ہمراہ تھے۔ پی ٹی آئی کے ٹکٹ ہولڈر و سابق ایم پی اے چوہدری عادل پرویز سلطان گجر نے کہا کہ پچھلے دو برسوں میں پی ٹی آئی کی قیادت اور کارکنان نے جس صبر، جرات اور استقامت کا مظاہرہ کیا ہے، اس کی مثال ملکی تاریخ میں نہیں ملتی، انہوں نے کہا کہ کارکنان کے حوصلے روز بروز چٹان کی طرح مضبوط ہو رہے ہیں، یہی وجہ ہے کہ پارٹی کو توڑنے کا خواب دیکھنے والے عناصر آج خود رسوا ہو چکے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ میں اپنے کارکنان کو کبھی تنہا نہیں چھوڑوں گا اور ان کے ساتھ ہر مشکل گھڑی میں کھڑا رہوں گا۔ انہوں نے کہا کہ آپ کی قربانیاں رائیگاں نہیں جائیں گی، آپ ہی اس ملک کی اصل طاقت ہیں اور آپ کی استقامت ہی تحریک انصاف کو مزید مضبوطی دے رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ تحریک انصاف ایک نظریاتی جماعت ہے اور اس کے کارکنان نے جبر کے باوجود جس عزم کا ثبوت دیا ہے، وہ اس بات کا اعلان ہے کہ تبدیلی کا سفر رکے گا نہیں بلکہ نئے عزم کے ساتھ آگے بڑھے گا۔

الخدمت فاؤنڈیشن پاکستان چنیوٹ کے زیر اہتمام ختم نبوت چوک میں سلاب زدگان کی امداد کے لیے فلڈ ریلیف کیمپ لگا دیا گیا

چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) الخدمت فاؤنڈیشن پاکستان چنیوٹ کے زیر اہتمام ختم نبوت چوک میں سلاب زدگان کی امداد کے لیے فلڈ ریلیف کیمپ لگا دیا گیا کیمپ کی نگرانی امیر جماعت اسلامی چنیوٹ محمد طاہر قدیر اور سرپرست سید نور الحسن شاہ کر رہے ہیں تفصیلات کے مطابق کے پی کے کے علاقہ جات میں سلاب کی وجہ سے ہونے والی تباہی کے سلسلہ میں سیلاب زدگان بھائیوں کی امداد کے لیے الخدمت فاؤنڈیشن کے زیر اہتمام فلڈ ریلیف کیمپ لگا دیا گیا اس موقع پر ہیومن رائٹس اینڈ ویلفیئر کونسل رجسٹرڈ چنیوٹ کے صدر شوکت علی آزاد ایڈوکیٹ کی قیادت میں وفد جن میں سینئر صحافی راجہ ریاض احمد خان پیرزادہ اقبال حسین شیخ محمد عثمان بھراڑہ شامل تھے فلڈ ریلیف کیمپ کا دورہ کیا اس موقع پر صدر ہیومن رائٹس اینڈ ویلفیئر کونسل رجسٹرڈ چنیوٹ شوکت علی آزاد ایڈوکیٹ نے کہا کہ ہم اپنے سلاب زدگان بھائیوں کی امداد کے لیے بھرپور جدوجہد کریں گے اور ان کی ہر طرح سے امداد کی جائے گی الخدمت فاؤنڈیشن کی طرف سے لگائے جانے والے فلڈ ریلیف کیمپ کا خیر مقدم کرتے ہیں اور انہیں اپنے ہر ممکن تعاون کی یقین دہانی بھی کرواتے ہیں انہوں نے شہریوں سے اپیل کرتے ہوئے کہا کہ وہ بڑھ چڑھ کر الخدمت فاؤنڈیشن کے سیلاب زدگان بھائیوں کے لیے لگائے گئے امدادی کیمپ میں بھرپور طرح سے اپنا حصہ ڈالیں۔

ڈی ایس پی انویسٹیگیشن طارق جاوید کو ڈی ایس پی انویسٹیگیشن گجرات تعینات کر دیا گیا

جہلم (بیورو رپورٹ) جہلم ڈی ایس پی انویسٹیگیشن طارق جاوید کو ڈی ایس پی انویسٹیگیشن گجرات تعینات کر دیا گیا جبکہ ڈی ایس پی انویسٹیگیشن گجرات محمد ابراہیم کو ڈی ایس پی انویسٹیگیشن جہلم تعینات کر دیا گیا

ریجنل ڈائریکٹر اینٹی کرپشن راولپنڈی ڈویژن خالد مسعود آج بروز جمعہ دن دس بجے سے دن ساڑھے گیارہ بجے تک کھلی کچہری کا انعقاد کریں گے

جہلم (بیورو رپورٹ) جہلم ریجنل ڈائریکٹر اینٹی کرپشن راولپنڈی ڈویژن خالد مسعود آج بروز جمعہ دن دس بجے سے دن ساڑھے گیارہ بجے تک کھلی کچہری کا انعقاد کریں گے صوبائی محکموں سے متعلقہ شکایات سنیں گے اور موقع پر کارروائی کے احکامات جاری کریں گے تفصیلات کے مطابق ریجنل ڈائریکٹر اینٹی کرپشن راولپنڈی ریجن خالد مسعود آج بروز جمعہ بوقت دن، دس بجے تا دن ساڑھے گیارہ بجے تک دفتر اینٹی کرپشن نزد سٹی پوسٹ آفس میں کھلی کچہری کا انعقاد کریں گے انہوں عوام کو آگاہ کرتے ہوئے کہا کہ صوبائی محکموں کے افسران و ملازمین کے مطلق شکایات کرنے والے شہری ثبوت کے ساتھ تشریف لائیں تاکہ شہریوں کی شکایات پر موقع پر کارروائی کے لیے احکامات جاری ہو سکیں بغیر ثبوت دی جانے والی درخواستوں پر کسی قسم کی کارروائی نہیں ہوگی ثبوت کے ساتھ دی جانے والی درخواستوں کی ابتدائی سماعت کے بعد باضابطہ انکوائری کا عمل شروع ہو جائے گا

نیا چاند 23 اگست کو صبح 11 بج کر 6 منٹ پر پیدا ہوگا

جہلم (بیورو رپورٹ) جہلم محکمہ موسمیات کے مطابق نیا چاند 23 اگست کو صبح 11 بج کر 6 منٹ پر پیدا ہوگا۔ تاہم 24: اگست کی شام تک اس کی عمر 32 گھنٹے سے زائد ہو جائے گی جس کے باعث موافق موسمی حالات میں چاند نظر آنے کا قوی امکان ہے۔ سپارکو کی اس پیشگوئی کی بنیاد پر ربیع الاول کی پہلی تاریخ 25 اگست بروز اتوار کو ہونے کا امکان ہے اور اس طرح 12 ربیع الاول 5 ستمبر بروز جمعہ کو ہوگی۔ یوم دفاع پاکستان پر اتفاق یہ ہے کہ عید میلاد النبی ﷺ کے فوراً بعد یعنی 6 ستمبر کو یوم دفاع پاکستان منایا جائے گا جو وطن کے دفاع میں جانیں قربان کرنے والے سپاہیوں کو خراج عقیدت پیش کرنے کا دن ہے۔

ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر جھنگ کیپٹن (ر) بلال افتخار کیانی کی ہدایات پر ضلع بھر میں منشیات کے خلاف بڑے پیمانے پر گرینڈ آپریشن کا آغاز کر دیا گیا

جھنگ (بیورو رپورٹ) ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر جھنگ کیپٹن (ر) بلال افتخار کیانی کی ہدایات پر ضلع بھر میں منشیات کے خلاف بڑے پیمانے پر گرینڈ آپریشن کا آغاز کر دیا گیا ہے۔ اس مہم کا عنوان "نشہ مکاؤ مہم" رکھا گیا ہے، جس کا مقصد سوسائٹی کو منشیات جیسے زہر سے نجات دلانا ہے۔ ڈی پی او بلال افتخار کیانی نے تمام ایس ڈی پی اوز اور ایس ایچ اوز کو سختی سے ہدایت جاری کرتے ہوئے کہا ہے کہ منشیات کی ترسیل و فروخت کے ہر نیٹ ورک کو پوری قوت کے ساتھ توڑا جائے۔ انہوں نے واضح کیا کہ ڈرگز کے بڑے ڈیلرز، جو نوجوان نسل کو تباہی کی طرف دھکیل رہے ہیں، کسی صورت رعایت کے مستحق نہیں اور انہیں آہنی ہاتھوں سے کچلا جائے گا۔ ڈی پی او نے مزید کہا کہ منشیات کے آن لائن کاروبار کی روک تھام کے لئے جامع اور مؤثر حکمت عملی مرتب کی جائے، جبکہ تعلیمی اداروں کے اطراف میں سرگرم عناصر پر کڑی نظر رکھی جائے۔ انہوں نے پولیس افسران کو تنبیہ کی کہ منشیات کے خلاف مہم میں صرف عملی نتائج مانگے جائیں گے، لاپرواہی یا عدم دلچسپی ہرگز برداشت نہیں کی جائے گی۔ ڈی پی او بلال افتخار کیانی نے یہ بھی واضح کیا کہ منشیات فروشوں کو سہولت فراہم کرنے یا ان سے روابط رکھنے والے پولیس افسران کے خلاف بھی سخت قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔ اپنے پیغام میں ڈی پی او جھنگ نے شہریوں اور سول سوسائٹی سے اپیل کی کہ وہ اس مہم میں بھرپور کردار ادا کریں تاکہ معاشرے کو منشیات کی لعنت سے نجات دلائی جا سکے۔ انہوں نے کہا کہ عوام کو اس مہم کا حصہ بنایا جائے گا تاکہ پولیس اور عوام کے باہمی تعاون سے ایک صاف اور صحت مند معاشرہ تشکیل دیا جا سکے۔

بجلی چوری والے علاقے سٹی فیڈر میں شامل صارفین کا احتجاج

ہر ماہ باقاعدگی سے بل جمع کرواتے ہیں ظلم نہ کیا جائے شہریوں کی دوہائی

نارنگ منڈی (نمائندہ خصوصی) لیسکو نارنگ کی جانب سے بجلی چوری والے علاقے سٹی فیڈر میں شامل صارفین کا احتجاج ہر ماہ باقاعدگی سے بل جمع کرواتے ہیں ظلم نہ کیا جائے شہریوں کی دوہائی تفصیل کے مطابق کالا خطائی روڈ پر واقع درجنوں دیہات کو سٹی نارنگ فیڈر میں شامل کر دیا گیا ہے جس سے بجلی صارفین نالاں ہیں سٹی پریس کلب نارنگ میں گفتگو کرتے ہوئے صارفین کا کہنا ہے کہ نئے شامل ہونے والے علاقوں میں بجلی چوری کی شرح زیادہ ہے تو اس کا اثر ہر ماہ باقاعدگی کے ساتھ بل دینے والے صارفین پر پڑے گا مزید یہ کہ کسی بھی فالٹ کی صورت میں گھنٹوں بجلی کی بندش کا خمیازہ بھگتنا پڑے گا بدترین لوڈشیڈنگ الگ سے بھگتنی ہوگی پہلے ہی معمولی فالٹ تلاش کرنا مشکل ہو جاتا ہے مزید دیہات شامل ہونے پر سٹی فیڈر مزید وسیع ہو جائے گا اور فالٹ ملنا دشوار ہوگا اس لیے نئے علاقوں کی شمولیت کسی صورت بھی قابل قبول نہیں ہے واضح رہے کہ چند ماہ قبل بھی یہی پلاننگ کی گئی تھی جسے عوامی احتجاج کے باعث منسوخ کر دیا گیا تھا اب دوبارہ ان دیہات کو شامل کر کے شہری علاقے سے زیادتی کی گئی ہے سیاسی نمائندوں سے مطالبہ کرتے ہیں کہ اس فیصلہ کو فوری واپس لیا جائے۔

عمران خان کو 8 مقدمات میں رہائی پر مبارکباد پیش کرتے ہیں: چوہدری عامر فاروق باجوہ

ان شاء اللہ بہت جلد باقی مقدمات بھی اسی طرح جھوٹے ثابت ہوں گے

نارنگ منڈی (میاں معظم سے) عمران خان کو 8 مقدمات میں رہائی پر مبارکباد پیش کرتے ہیں ان شاء اللہ بہت جلد باقی مقدمات بھی اسی طرح جھوٹے ثابت ہوں گے ہمارے قائد بے گناہ ہیں وقت ان کی بے گناہی کو ثابت کر رہا ہے جھوٹے مقدمات زیادہ دیر تک نہیں چل سکتے کپتان بہت جلد سرخرو ہوں گے ان خیالات کا اظہار پاکستان تحریک انصاف کے سینئر رہنما چوہدری عامر فاروق باجوہ نے گفتگو کرتے ہوئے کیا انہوں نے مزید کہا کہ پی ٹی آئی منظم اور متحد ہے توڑنے کیلئے 9 مئی جیسا جھوٹا واقعہ بنایا گیا جو بے نقاب ہو رہا ہے ان شاء اللہ بہت جلد عمران خان اور باقی قیادت بھی رہا ہو کر عوام کے درمیان موجود ہوں گے لیڈر عمران خان اور دیگر قائدین کی جرأت اور حوصلے کو سلام پیش کرتے ہیں۔

دریائے ستلج میں نچلے درجے کے سیلاب کے دوران ریسکیو 1122 کی جانب سے سیلاب متاثرین کے انخلاء کا سلسلہ جاری

ریسکیو نے اب تک 468 سیلاب متاثرین کو محفوظ مقامات پر منتقل کیا ہے

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) ڈپٹی کمشنر احمد عثمان جاوید کی ہدایت پر دریائے ستلج میں نچلے درجے کے سیلاب کے دوران ریسکیو 1122 کی جانب سے سیلاب متاثرین کے انخلاء کا سلسلہ جاری، محکمہ ریسکیو کی 45 اہل کاروں نے متاثرہ علاقوں کی 6 ریسکیو پوسٹوں پر فرائض سرانجام دیتے ہوئے اب تک 468 سیلاب متاثرین کو محفوظ مقامات پر منتقل کیا ہے اس کے علاوہ سیلاب متاثرین کے 29 مویشیوں کو بھی ریسکیو کیا جا چکا ہے، ترجمان ضلعی انتظامیہ نے کہا ہے کہ سیلاب متاثرین کی جان و مال کے تحفظ کو یقینی بنانے کے لیے تمام اقدامات کیے جائیں گے، سیلاب سے متاثرہ علاقوں کے لوگ غیر ضروری نقل و حرکت سے گریز کریں اور گہرے پانی میں ہرگز نہ جائیں، انہوں نے کہا کہ اس سلسلہ میں پی ڈی ایم اے کی ہدایات پر مکمل درآمد کریں اور اپنی جانوں کو مقدم رکھتے ہوئے محکمہ ریسکیو کے اہلکاروں سے بھرپور تعاون کو یقینی بنائیں۔

دی ایجوکیٹرز سکولز سرسید کیمپسز نے ایک بار پھر شاندار تعلیمی ریکارڈ قائم کرتے ہوئے نمایاں کامیابیاں حاصل کی

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) دی ایجوکیٹرز سکولز سرسید کیمپسز نے ایک بار پھر شاندار تعلیمی ریکارڈ قائم کرتے ہوئے نمایاں کامیابیاں حاصل کی ہیں۔ سرسید کیمپس پتوکی کی ہونہار طالبہ آمنہ محبوب نے 555 میں سے 553 نمبر حاصل کر کے بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن لاہور میں اول پوزیشن حاصل کی جبکہ سرسید کیمپس جمرہ شاہ مقیم ضلع اوکاڑہ کی طالبہ آمنہ عامر نے 555 میں سے 551 نمبر حاصل کر کے بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن ساہیوال میں دوم پوزیشن اپنے نام کی۔ ان شاندار نتائج کے ساتھ سرسید کیمپس پتوکی نے ملک بھر میں ایجوکیٹرز سکولز میں پہلا مقام حاصل کیا جبکہ سرسید کیمپس جمرہ شاہ مقیم دوسرے نمبر پر رہا۔ تعلیمی و سماجی حلقوں نے دونوں کیمپسز کے طلبہ، اساتذہ اور بالخصوص ڈائریکٹرز میاں محمد نوید اور میاں محمد مظہر کو مبارکباد پیش کی۔ ان کی تعلیم کے فروغ اور طلبہ کی رہنمائی کے لیے کی گئی گراں قدر خدمات کو خراج تحسین پیش کیا گیا۔

سیکرٹری آبپاشی جناب واصف خورشید اور ایم این اے سردار غلام عباس نے دھرابی ڈیم کا تفصیلی دورہ کیا



چکوال (ایم ایوب سلطانی) وزیر اعلیٰ پنجاب کی خصوصی ہدایات پر اور چکوال میں حالیہ سیلاب کے پیش نظر وزیر آبپاشی میاں کاظم علی پیرزادہ، سیکرٹری آبپاشی جناب واصف خورشید اور ایم این اے سردار غلام عباس نے دھرابی ڈیم کا تفصیلی دورہ کیا۔ دورے کے دوران وفد کو چیف انجینئر پشاور، پراجیکٹ ڈائریکٹر سمال ڈیمز اور چکوال اور تلہ گنگ کے ایکس ای این نے 2025 کے مون سون کے سیلاب کے اثرات کے ساتھ ساتھ فلڈ ریگولیشن کے لیے سپل ویز کے موثر آپریشن کے حوالے سے جامع بریفنگ دی۔ معززین نے ADP کے جاری کاموں کا بھی معائنہ کیا اور فلڈ سپل ویز کے کام کا بغور مشاہدہ کیا۔ انہوں نے محکمہ آبپاشی کی جانب سے سیلاب کے انتظام کے اقدامات کے معیار، رفتار اور کارکردگی پر اطمینان کا اظہار کیا۔ وزیر آبپاشی، سیکرٹری آبپاشی، اور ممبر قومی اسمبلی نے فیلڈ ٹیموں اور عملے کی کاوشوں کو سراہتے ہوئے عوام کے تحفظ اور مون سون کے سپیل کے دوران بروقت ردعمل کو یقینی بنانے میں ان کے عزم کو سراہا۔ انہوں نے اس بات کا اعادہ کیا کہ وزیر اعلیٰ پنجاب کی قیادت میں صوبے بھر میں سیلاب سے نمٹنے کے انتظامات، ڈیم کی حفاظت اور عوام کے تحفظ کے لئے اقدامات کو ہر طرح سے مضبوط بنانے کے لیے ہر ممکن کوششیں جاری رکھیں گے۔ بعد ازاں صوبائی وزیر اور سیکرٹری آبپاشی نے کھائی ڈیم کا بھی معائنہ کیا اس موقع پر پودے بھی لگائے گئے#

گورنمنٹ کالج کا پروفیسر مبینہ اغواء چالیس لاکھ تاوان ادا کرنے کے بعد بازیاب

پولیس نے مدعی کی درخواست پر نامزد اور نامعلوم ملزمان کے خلاف مقدمہ درج کر لیا

جہلم (بیورو رپورٹ) جہلم گورنمنٹ کالج کا پروفیسر مبینہ اغواء چالیس لاکھ تاوان ادا کرنے کے بعد بازیاب۔ پولیس نے مدعی کی درخواست پر نامزد اور نامعلوم ملزمان کے خلاف مقدمہ درج کر لیا ایس ایچ او قمر سلطان نے مختلف علاقوں میں پولیس کی بھاری نفری کے ہمراہ چھاپے مار کر پانچ ملزمان کو حراست میں لے کر تفتیش کا آغاز کر دیا اہم انکشافات متوقع تفصیلات کے مطابق جہلم محمدی چوک کے رہائشی سبط حسین نقوی ولد مظہر حسین نقوی نے اغواء کاروں پر مکمل گینگ قائم کر رکھا تھا اسطرح ملزمان نے 12۔ اگست کو ضلع کچہری میں واقع جی ڈیشن اکیڈمی کے باہر سے پروفیسر ابراہیم کو اغواء کیا۔ اور سبط ملزمان نے اپنا تعارف بطور ایف آئی اے افسران و اہلکار بن کر کرایا اور مغوی کو گاڑی میں ڈال کر اغواء کر کے روات لے گئے۔ اغواء کاروں کا سرغنہ سابق پولیس انسپکٹر کا بیٹا سبط حسین نقوی مغوی لروفیسر کا سابقہ طالبعلم بھی تھا۔ اغواء کاروں نے مغوی کو روات میں جی ہاؤسنگ سوسائٹی کے ایک ویران گھر میں یرغمال بنا لیا مغوی پروفیسر کے گھر والوں سے تاوان کے لیے رابطہ کیا، سابق پولیس افسر کے بیٹے سبط حسین نقوی نے مغوی کے گھر والوں سے بذریعہ فون رابطہ کر کے پروفیسر کی بازیابی کے لیے 1 کڑور روپے تاوان طلب کیا۔ اسطرح 13 اگست کو مغوی پروفیسر کے گھر والوں نے چالیس لاکھ روپے اغواکاروں کے سرغنہ سبط حسین نقوی کے گھر جا کر تاوان ادا کر دیا اس کے فوراً بعد اغواء کاروں نے مغوی پروفیسر کو روات بس سٹاپ پر چھوڑ دیا جہاں سے پروفیسر بس میں سوار ہو کر اپنے اپنی گھر جہلم پہنچ گئے۔ سبط حسین نقوی نے مغوی کے گھر پہنچنے کے بعد پروفیسر کو دھمکی دی کہ اگر اس معاملے بارے کسی سے بات کی تو اسکے خطرناک نتائج نکل سکتے ہیں ایس ایچ او قمر سلطان نے مغوی پروفیسر کی درخواست پر مقدمہ درج کر کے نامزد اور نامعلوم ملزمان کی گرفتاری کے لیے چھاپے مارنے شروع کر دیے ہیں اور اہم انکشافات متوقع ہیں،

فیروز والہ: کار اور ٹریکٹر ٹرالی میں تصادم

واقعہ ایس اے گارڈن کچا کوٹھا سٹاپ جی ٹی روڈ مرید کے شیخوپورہ میں پیش آیا

(نامہ نگار فیروز والہ منور حسین) فیروز والہ: ٭ کار اور ٹریکٹر ٹرالی میں تصادم۔ واقعہ ایس اے گارڈن کچا کوٹھا سٹاپ جی ٹی روڈ مرید کے شیخوپورہ میں پیش آیا۔ کار ٹریکٹر ٹرالی کے ساتھ ٹکرانے سے دوکان کے ساتھ ٹکرا گئی۔ کار ٹریکٹر ٹرالی کے ساتھ ٹکرانے سے 3 افراد زخمی اور ایک عورت جاں بحق۔ کال موصول ہوتے ہی ریسکیو 1122 کی امدادی ٹیم کا فوراً ریسپانس۔ ریسکیو 1122 ٹیم نے موقع پر پہنچ 3 افراد کو فرسٹ ایڈ دیتے ہوئے THQ اسپتال مرید کے شفٹ کر دیا اور ایک خاتون موقع پر جاں بحق ہو گئی جس کی نعش ضروری کاروائی کے بعد پولیس کے حوالے کر دی۔ زخمی ہونے والے افراد کی شناخت 57 سالہ یسین ولد ولائت حسین، 45 سالہ نورین زوجہ قیصر، 38 سالہ صوبیہ زوجہ اسد اور جاں بحق ہونے والی خاتون کی شناخت 75 سالہ نظیر بی بی زوجہ بشیر کے نام سے ہوئی۔

سی سی ڈی پاکپتن کی ملک طارق جاوید کی سربراہی میں بڑی کاروائی، بدنام زمانہ ڈاکو ہلاک

2 ڈاکو فرار ہونے میں کامیاب ہو گئے فرار ڈاکوؤں کی تلاش کے لیے سرچ آپریشن جاری ہے

عارفوالا (چوہدری وجاہت سے) تفصیلات کے مطابق ہیڈ آفیسر ڈیپارٹمنٹ سی سی ڈی پنجاب سہیل ظفر چٹھہ ایڈیشنل آئی جی پنجاب کی ہدایات کی روشنی میں اور ڈی ایس پی پاکپتن سی سی ڈی ملک طارق جاوید کی نگرانی میں ایس ایچ او سی سی ڈی پاکپتن میاں زمان رشید وٹو کی بدنام زمانہ ڈاکوؤں کے خلاف کاروائیاں بدستور جاری ہیں ذرائع کے مطابق گزشتہ روز آج نزد 37 ایس پی پھاٹک پر تین کس مشکوک موٹو سائیکل سواروں سے سی سی ڈی کا آمنا سامنا ہوا سی سی ڈی کے روکنے پر ملزمان کی جانب سے پولیس پارٹی پر سیدھی فائرنگ شروع کر دی گئی سی سی ڈی کی جوابی فائرنگ سے بدنام زمانہ ڈکیت و نقب زن ہلاک ہو گیا جبکہ دو ڈاکو فرار ہونے میں کامیاب ہو گئے فرار ڈاکوؤں کی تلاش کے لیے سرچ آپریشن جاری ہے ہلاک ڈاکو کی شناخت عظفر ماچھی سکنہ محلہ صوفیا آباد پاکپتن کے نام سے ہوئی ہلاک ڈاکو ایک سو آٹھ سے زائد کیسز واردات میں ملوث تھا سی سی ڈی کی اس کاروائی پر شہری حلقوں کی جانب سے خوب سراہا جا رہا ہے

جرم و سزا

تھانہ کانڈیوال پولیس نے قتل کے مقدمہ میں مطلوب مجرم اشتہاری کو پناہ دینے والے کو دھر لیا

چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) تھانہ کانڈیوال پولیس نے قتل کے مقدمہ میں مطلوب مجرم اشتہاری کو پناہ دینے والے ملزم نے مفرور اشتہاری (ن) کو اپنے ڈیرہ پر پناہ دی اور کھانا کھلایا پولیس نے خفیہ اطلاع پر اشتہاری کی گرفتاری کیلئے ریڈ کیا تو ملزم نے اش

''قوت'' کلاسیفائیڈ

QUWWAT

تمام اشتہارات نیک نیتی کے جذبہ سے شائع کئے جاتے ہیں کسی اشتہار کے غیر حقیقی ہونے کے بارے میں ادارہ کوئی ذمہ داری قبول نہیں کرتا ۔اشتہارات صاف اور بڑے صفحہ پر ایک طرف لکھے ہوئے چائیں کٹے پھٹے اور مفکوک الفاظ والے اشتہارات غلط شائع ہونے کی شکایت قابل قبول نہ ہوگی۔

042-3636003

نتیجہ 1

ضلع ساہیوال کا بھٹی ٹرسٹ 100 سال سے دیگر ہر میں ڈیری مصنوعات کے شعبہ میں خدمات انجام دے رہی ہے اور پاکستان کے ڈیری سیکٹر میں نمایاں مقام رکھتا ہے۔ ٹرسٹ کے ڈیری پروڈکٹس نے حیاتی کے تحقیق درخت شیعہ کا بھی معائنہ کیا اور کینیڈا کی جانب سے آپس جاری رہنگ دی گی۔ ذریعائی جانب سے اپنی تنظیمی فوری بنیادی کی مکاں ہے، پاکستان کے ہر گھر کے شیلف پر مضبوط اور خوبصورت ڈبوں کی ڈیری مصنوعات کی رسائی ہے۔ ٹرسٹ کی کوشش ہے کہ دشت گردی کے خاتمے کے لئے کوشاں ہے کہ دشت گردی کے خاتمے کے لئے کوشاں ہے کہ دشت گردی کے خاتمے کے لئے کوشاں

موسمیاتی تبدیلیاں اور آلودگی ہم سب کیلئے بہت بڑا چیلنج ہے: بلال یاسین

وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز کی خصوصی ہدایت پر ویسٹ واٹر ٹریٹمنٹ اور پانی کے ضیاع کی روک تھام بارے ٹھوس میکانزم پر کام کر رہے ہیں

ابتدائی طور پر ہڈیارہ ڈرین کے 10 کلومیٹر ایریا کو پائلٹ پراجیکٹ بنایا جائے گا۔وزیر ہاؤسنگ و اربن ڈویلپمنٹ بلال یاسین

لاہور (خبرنگار) وزیر ہاؤسنگ و اربن ڈویلپمنٹ بلال یاسین کی زیر صدارت ہڈیارہ ڈرین میں ویسٹ واٹر ٹریٹمنٹ پلانٹ لگانے کی روک تھام بارے اہم اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں ڈی جی واسا پنجاب طیب فرید، ڈی جی ایل ڈی اے طاہر فاروق اور آباد ممبران نے شرکت کی۔ اجلاس میں ڈی جی واسا طیب فرید نے بریفنگ دیتے ہوئے بتایا کہ ہڈیارہ ڈرین میں انڈسٹری اور گھریلو سیوریج کی جانب سے بغیر ٹریٹمنٹ پانی ڈالا جا رہا ہے۔ نجی اسکیمیں رہٹ پانی کو دوبارہ اپنے استعمال میں لا سکیں گی۔ واسا لاہور سمیت دیگر اضلاع میں بھی ویسٹ واٹر ٹریٹمنٹ لگا رہا ہے۔ وزیر ہاؤسنگ و اربن ڈویلپمنٹ (بقیہ نمبر 45)

صوبائی وزیر ہاؤسنگ و اربن ڈویلپمنٹ بلال یاسین ایل ڈی اے آفس میں اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

موسوں با رشوں نے چلو متی نا اہلی کو بے نقاب کر دیا: اظہر بلال

لاہور شہر میں کئی مہینوں سے جاری ادھورے ترقیاتی کام حکومتی نا اہلی اور بدنیتی ہے، جماعت اسلامی گلی محلے کے شہری مسائل پر بھرپور توانا آواز بن عوام میں مقبولیت حاصل کر رہی ہے

عوامی کمیٹیاں، پبلک ایڈ کمیٹی شہری مسائل کے حل کیلئے لاہوریوں کی آواز بن چکی ہے، قائم مقام امیر جماعت اسلامی لاہور اظہر بلال کی میڈیا سے گفتگو

لاہور (خبرنگار) قائم مقام امیر جماعت اسلامی لاہور اظہر بلال نے کہا ہے کہ موسن سون بارشوں نے ملک بھر خصوصاً لاہور میں حکومتی نا اہلی اور بدانتظامی کو بے نقاب کر دیا ہے۔ میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے ان کا کہنا تھا کہ شہر لاہور میں گلی ماہ سے جاری ادھورے ترقیاتی منصوبے نہ صرف شہریوں کیلئے اذیت کا سبب بنے ہوئے ہیں، بلکہ یہ حکومتی بدنیتی اور نا اہلی کا منہ بولتا ثبوت ہیں۔ اظہر بلال نے کہا کہ بارش کے باعث سڑکیں تالاب کا منظر پیش کر رہی ہیں (بقیہ نمبر 46)

قائم مقام امیر جماعت اسلامی لاہور اظہر بلال

480 ارب روپے کی غیر قانونی ادائیگیاں، حکومتی اداروں پر سوالیہ نشان! جاوید قصوری

لاہور (این این آئی) امیر جماعت اسلامی لاہور وسطی محمد جاوید قصوری نے کہا ہے کہ حکومت نے ملک سے بجلی بحران کے خاتمے اور 11 ہزار 400 میگاواٹ بجلی بیشمل گرڈ سسٹم میں شامل کرنے کا دعویٰ کیا تھا لیکن حقیقت میں حکمرانوں نے پاور سیکٹر کے لیے ایک ہزار ارب روپے سے زائد قرضے لے کر قرضوں کا پہاڑ کھڑا کر دیا جس نے حکومتی کارکردگی کا بھانڈا پھوڑ دیا ہے

بیوہ کو تاحیات پنشن ملے گی، پنجاب حکومت نے نوٹیفکیشن جاری

سرکاری ملازم کی ایک سے زائد شادیوں کی صورت میں پنشن بیواؤں میں مساوی تقسیم ہوگی! نوٹیفکیشن جاری

لاہور (این این آئی) پنجاب سول سروس پنشن رولز میں ترامیم کر دی گئیں جس کے بعد سرکاری ملازم کی وفات کے بعد بیوہ کو تاحیات پنشن ملے گی۔ گورنر پنجاب کی منظوری کے بعد صوبائی محکمہ خزانہ نے نوٹیفکیشن جاری کر دیا جس کے مطابق سرکاری ملازم کی ایک سے زائد شادیوں کی صورت میں پنشن بیواؤں میں مساوی تقسیم ہوگی۔ نوٹیفکیشن میں مزید کہا گیا ہے کہ بیوہ کو دوسری شادی کرنے کی صو (بقیہ نمبر 43)

سرگودھا: اندرون شہر تجاوزات کیخلاف گرینڈ آپریشن کی وارننگ جاری کر دی گئی

سرگودھا (این این آئی) سرگودھا میں انتظامیہ نے اندرون شہر بازاروں میں تجاوزات کا جائزہ لیتے ہوئے اسسٹنٹ کمشنر کی سربراہی میں گرینڈ آپریشن کی وارننگ جاری کر دی کہ وہ از خود تجاوزات ختم کر دیں بصورت دیگر تحت ایکشن ہوگا۔ ذرائع کے مطابق ایڈیشنل فورس نے اسسٹنٹ کمشنر شہر کی سربراہی میں اندرون شہر اردو بازار، امین بازار، کچہری بازار، فیصل بازار اور دیگر مقامات پر قائم تجاوزات کا جائزہ لیتے ہوئے۔

ملتان ویمن یونیورسٹی کی رجسٹرار اور شعبہ فزکس کی چیئرپرسن ڈاکٹر ملکہ رانی برطانیہ کا دورہ مکمل کر کے واپس پہنچ گئیں

ڈاکٹر ملکہ رانی نے یونیورسٹی آف میڈرڈ پولیس یونیورسٹی یو کی کی نمائندہ سے اعزازی شیلڈ وصول کی۔

لاہور (خبرنگار) ویمن یونیورسٹی کی رجسٹرار اور شعبہ فزکس کی چیئرپرسن ڈاکٹر ملکہ رانی برطانیہ کا دورہ مکمل کر کے واپس پاکستان پہنچ گئیں۔ ویمن یونیورسٹی کی رجسٹرار ڈاکٹر ملکہ رانی نے ٹرانس نیشن ایجوکیشن کے پراجیکٹ ٹرانس نیشن ہم آہنگی کے تحت برطانیہ کا دورہ کیا جس میں دیگر دو یونیورسٹیوں ہل یونیورسٹی بھکر اور بحریہ یونیورسٹی اسلام آباد کے پروفیسر بھی شامل تھے یہ پراجیکٹ برٹش کونسل کے تعاون سے کیا گیا ہے یہ پراجیکٹ تین اہم چیلنجوں سے نمٹنے کے ڈیزائین کیا گیا جس کے تحت پاکستان برطانیہ کے تعلیمی اور تحقیقی تعاون کو مضبوط بنانا ہے ان چیلنجوں میں برطانیہ اور پاکستان بامزین تعلیم کے درمیان مشترکہ تصنیف کم ہونا، محدود ہوتی تعداد، پاکستان تعلیمی کے لیے بین الاقوامی سٹاٹ پر اپنی ایچ ڈی کرنے (بقیہ نمبر 47)

لاہور ہائیکورٹ: جھگڑے کے ملزم افتخار علی کی خفاظت خارج

لاہور (نیڈ این این) لاہور ہائیکورٹ نے ٹرانی جھگڑے اور چوری کے مقدمے میں ملوث ملزم افتخار علی کی درخواست خفاظت خارج کر دی، جبکہ شریک ملزم مرتضیٰ کی ایک لاکھ روپے کے مچلکوں کے عوض خفاظت منظور کر لی گئی۔ جسٹس جواد ظفر نے ملزمان افتخار علی اور مرتضیٰ کی درخواست خفاظت پر سماعت کی۔ ذی ایس پی ساہیوال نواب اصطفیٰ خیل آباد نیم اور ڈپٹی پراسیکیوٹر جنرل فرحان عدالت میں پیش ہوئے۔ سرکاری وکیل نے عدالت کو بتایا کہ افتخار علی نامزد ایف آئی آر ہے اور اس نے مضروب یاسین کو نوجھر کے دارے رشی کیا، جس کی تصدیق میڈیکل رپورٹ سے بھی ہوتی ہے۔

ٹیوٹا میں ایک اور ڈی جی کی تعیناتی، مالی دباؤ بڑھا

نئے ڈی جی عثمان علی طارق کو ایک لاکھ روپے خصوصی الاؤنس دینے کا فیصلہ کیا گیا

ٹیوٹا میں ڈائریکٹرز کی تعداد 34 ہوگئی، تدریسی سرگرمیاں متاثر ہونے لگیں، ذرائع

لاہور (نیڈ این این) ٹیکنیکل ایجوکیشن اینڈ ووکیشنل ٹریننگ اتھارٹی (ٹیوٹا) میں ایک اور ڈائریکٹر جنرل (ڈی جی) کا اضافہ کر دیا گیا ہے، جس سے ادارے کے مالی وسائل پر دباؤ بڑھنے کے خدشات پیدا ہو گئے ہیں۔ عثمان علی طارق کو اتیرکی آفٹ کے لیے نیا ڈی جی تعینات کر دیا گیا ہے، جبکہ انہیں ماہانہ ایک لاکھ روپے کا خصوصی الاؤنس بھی دیا جائے گا۔ ذرائع کے مطابق ٹیوٹا میں اس سے قبل پانچ ڈی جیز خدمات سرانجام دے رہے تھے۔ اسی طرح محمد طارق کو ڈائریکٹر پروکیورمنٹ تعینات کر دیا گیا ہے، جبکہ ادارے میں پہلے ہی تین ڈائریکٹر پروکیورمنٹ موجود ہیں۔ اس وقت ٹیوٹا میں ڈائریکٹرز کی تعداد 34 تک پہنچ گئی ہے، جس پر تنقید کی جا رہی ہے۔ مزید برآں 20 سے زائد کالج اساتذہ کو بھی ٹیوٹا سکرٹریٹ میں تعینات کر دیا گیا ہے، جس کے باعث کالجوں کی تدریسی سرگرمیاں متاثر ہو رہی ہیں۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ کمزور اساتذہ کو خصوصی الاؤنس دینے کے لیے سکرٹریٹ میں تعینات کیا جا رہا ہے۔

لاہور: صوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق کا پنجاب انسٹی ٹیوٹ آف نیورو سائنسز میں فالج کے متعلق آگاہی سیمینار کے بعد مہمانوں کے ہمراہ گروپ فوٹو

پنجاب انسٹی ٹیوٹ آف نیورو سائنسز میں فالج کے مرض سے متعلق آگاہی سیمینار

اس آگاہی سیمینار کا انعقاد کا بنیادی مقصد عوام میں فالج کے مرض سے متعلق شعور اجاگر کرنا ہے، صوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق

آگاہی سیمینار میں پروفیسر قاسم بشیر، پروفیسر آصف بشیر، پروفیسر فاروق افضل اور پروفیسر زوہرہ خانم نے بھی شرکاء سے خطاب کیا

لاہور (خبر نگار) پنجاب انسٹی ٹیوٹ آف نیورو سائنسز میں فالج کے مرض سے متعلق آگاہی سیمینار کا انعقاد کیا گیا۔ جس میں صوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق نے بطور مہمان خصوصی شرکت کی۔ اس موقع پر پروفیسر سٹروک کی آگاہی کیلئے ڈیوٹی بھی لاج کی گئی۔ اس موقع پر الیکٹرک سٹروک ایمبولینس بھی لاج کیا گیا۔ اس موقع پر سی ایم ایچ پی ایس پی سپریم سینئر کرنل عاقب جاوید، اوپچ پلیسٹر گولڈ میڈلسٹ ارشد ندیم، کرنل اشرف علی، کرنل عامر جمال، کرنل مرتضیٰ علی، کرنل محمد حریرا اور کوثی سلمان بٹ نے شرکت کی۔ اس موقع پر سیکرٹری محکمہ ایمرجنسی سروس پنجاب ڈاکٹر رضوان نصیر، ایڈیشنل سیکرٹری ٹیکنیکل محکمہ سپیشلائز (بقیہ نمبر 48)

لاہور: صوبائی وزیر صنعت و تجارت چوہدری شائع حسین فیڈ ک کی کارکردگی کے جائزہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

آن لائن کالج ایڈمیشن سسٹم میں درخواستیں ایک لاکھ سے زائد جمع

پنجاب کے 750 سے زائد سرکاری کالجوں میں داخلوں کیلئے درخواستیں جاری ہے

پری میڈیکل، آئی ٹی ایس ایس، ایف اے اور پری انجینئرنگ کے لیے طلبہ نے اپلائی کیا

لاہور (نیڈ این این) آن لائن کالج ایڈمیشن سسٹم (OCAS) کے ذریعے داخلوں کے درخواستیں وصول کرنا جاری ہے۔ اور طلبہ کی بڑی تعداد نے اپلائی کرنا شروع کر دیا ہے۔ تفصیلات کے مطابق انٹرمیڈیٹ پروگرام کے لیے پنجاب میں 750 سے زائد سرکاری کالجوں کے داخلے کے لیے درخواستیں وصول ہو چکی ہیں، جبکہ پنجاب کے 750 سے زائد سرکاری کالجوں میں داخلوں کیلئے درخواستیں جاری ہے

چینی مہنگی فروخت کرنے والے 296 دکاندار گرفتار

اب تک 33 ہزار 820 افراد کے خلاف چینی کی قیمتوں میں بے ضابطگی کی کارروائیاں کی گئی ہیں

لاہور (نیڈ این این) صوبہ پنجاب میں چینی کے مقررہ سرکاری نرخوں پر مجلد آمد نہ کرنے والوں کے خلاف کریک ڈاؤن جاری ہے۔ ترجمان پرائس کنٹرول کے مطابق گزشتہ روز چینی کی قیمتوں میں بے ضابطگی خبری پر 296 دکانداروں کے خلاف کارروائیاں کی گئیں، جن میں سے 25 افراد کو موقع پر گرفتار کیا گیا جبکہ 271 دکانداروں کو بھاری جرمانے عائد کیے گئے۔ یہ کارروائیاں روزانہ کی بنیاد پر جاری ہیں تاکہ عام شہری کو چینی حکومتی مقرر کردہ نرخوں پر دستیاب ہو۔ اعداد و شمار کے مطابق اب تک 33 ہزار 820 افراد کے خلاف چینی کی قیمتوں میں بے ضابطگیوں پر کارروائیاں کی جا چکی ہیں

فوجی حکومت کا بجلی کے بلوں میں پیک آف پیک آورز تبدیل کرنے کا فیصلہ

فیصلے کا مقصد سولر کے بڑھتے استعمال کے بعد بجلی کی طلب میں کمی سے پیدا ہونے والے مسائل کو حل کرنا ہے

بیسکو سمیت دیگر تقسیم کار کمپنیوں سے پیک آورز کو رات 11 بجے تک محدود کرنے کی تجاویز مانگی گئی ہیں

لاہور (این این آئی) وفاقی حکومت نے بجلی کے بیک اور آف پیک آورز کے اوقات میں تبدیلی کا فیصلہ کر لیا، اس فیصلے کا مقصد سولر سسٹم کے بڑھتے استعمال کے بعد بجلی کی طلب میں کمی سے پیدا ہونے والے مسائل کو حل کرنا ہے۔ ایوانے ٹائم آف یوز ٹیرف میں تبدیلی کے لیے کیسکو سیپ، ڈیسکو، فیسکو کو ہمراہ لے کر ارسال کر دیئے ہیں، کمپنیوں سے پیک آورز کو رات 11 بجے تک محدود کرنے کی تجاویز مانگی گئی ہیں۔ کمپنیوں میں اس وقت شام 7 بجے سے (بقیہ نمبر 44)

لاہور: صوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق یونیورسٹی آف چائلڈ ہیلتھ سائنسز کے 14 ویں سینڈیکیٹ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

سرکاری ہسپتالوں کو صحت کی بہترین علاج گاہیں بنانا ہمارا عزم: خواجہ سلمان رفیق

سرکاری ہسپتالوں کے معاملات کے حل کیلئے طبی درسگاہوں کے سینڈیکیٹ اجلاس متواتر کروانے کی ہدایات جاری کی گئی ہیں

صوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق کی زیر صدارت یونیورسٹی آف چائلڈ ہیلتھ سائنسز کا 14 واں سینڈیکیٹ اجلاس منعقد

لاہور (خبرنگار) صوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق کی زیر صدارت یونیورسٹی آف چائلڈ ہیلتھ سائنسز کا 14 ویں سینڈیکیٹ اجلاس منعقد ہوا۔ تمام ممبران یونیورسٹی پروفیسر عابد قریشی نے سینڈیکیٹ ایڈمیشن ایجوکیشن سے ایڈیشنل سیکرٹری میڈیکل ایجنڈے کے مندرجات پیش کیے۔ اجلاس میں وائس چانسلر یونیورسٹی آف چائلڈ ہیلتھ سائنسز پروفیسر مسعود صادق، پروفیسر ساجد جلیل، محکمہ سپیشلائز ہیلتھ کیئر ایڈمیشن ایجوکیشن سے ایڈیشنل سیکرٹری میڈیکل ایجوکیشن پروفیسر ساجد قریشی، پروفیسر ہمایوں ہاشمی، پرنسپل کالج آف نرسنگ، محکمہ فنانس، محکمہ قانون و دیگر سینڈیکیٹ ممبران (بقیہ نمبر 49)

لاہور ہائیکورٹ: بہن کی اولاد کو جائیداد کا حصہ دینے کے ٹرائل کورٹ کا فیصلہ کالعدم

جسٹس خالد اسحاق نے جمشید سمیت دیگر کی اپیل پر 29 صفحات پر مشتمل تحریری فیصلہ جاری کر دیا

لاہور (نیڈ این این) لاہور ہائیکورٹ نے قیام پاکستان سے پہلے شروع ہونے والا جائیداد کا تنازع حل کرتے ہوئے بہن کی اولاد کو جائیداد میں حصہ دینے کے ٹرائل کورٹ کے فیصلے کو کالعدم قرار دے دیا۔ جسٹس خالد اسحاق نے جمشید سمیت دیگر کی اپیل پر 29 صفحات پر مشتمل تحریری فیصلہ (بقیہ نمبر 35)

چیئرپرسن چائلڈ پروٹیکشن بیورو سے امریکن قونصل جنرل لاہور سٹیفنس سینڈرز کی ملاقات

ملاقات میں چیئرپرسن سارہ احمد نے سٹیفنس سینڈرز کو امریکن قونصل جنرل لاہور تعینات ہونے پر مبارکباد دی

لاہور (نیڈ این این) چیئرپرسن چائلڈ پروٹیکشن بیورو سارہ احمد سے امریکن قونصل جنرل لاہور سٹیفنس سینڈرز نے ملاقات کی۔ چیئرپرسن سارہ احمد نے سٹیفنس سینڈرز کو امریکن قونصل جنرل لاہور تعینات ہونے پر مبارکباد دی اور امریکی حکومت کی جانب سے چائلڈ پروٹیکشن بیورو کی سپورٹ (بقیہ نمبر 36)

نارووال: ڈپٹی کمشنر سید حسن رضا سول ڈیفنس کے اہلکاروں سے گفتگو کر رہے ہیں

پنجاب لیبر ڈیپارٹمنٹ میں 422 ملین روپے کی ادویات غائب

پبلک اکاؤنٹس کمیٹی کی شفافیت کے لیے سیکرٹری سوشل سیکورٹی کو دوبارہ تحقیقات کی ہدایت

لاہور (نیڈ این این) پنجاب لیبر ڈیپارٹمنٹ میں 422 ملین روپے کی ادویات کی خریداری کا ریکارڈ غائب ہونے کا انکشاف ہوا ہے۔ پنجاب اسمبلی میں پبلک اکاؤنٹس کمیٹی 2 کا اجلاس منعقد ہوا جس کی صدارت چیئرمین علی حیدر گیلانی نے کی۔ اجلاس میں آڈٹ ڈیپارٹمنٹ نے تیاگ کر فراہم کردہ ریکارڈ ادویات کی خریداری کی شفافیت ثابت کرنے کے لیے ناکافی ہے اور ریکارڈ فراہم نہ کرنے والے ملازمین کا تعین کیا جائے گا۔ چیئرمین پی ایس ای کی تحقیقات بے ہم اختیار کرتے ہوئے سیکرٹری سوشل سیکورٹی کو دوبارہ تحقیقات کی ہدایت دی۔ انہوں نے کہا کہ ادویات کی خریداری کا شفاف طریقہ کار مرتب کیا جائے، معمولی ادویات کی بھی رسید ہونی ہے۔ 422 ملین روپے کی ادویات کی خریداری کا ریکارڈ کیسے غائب ہوا۔

لاہور: ریلوے اسٹیشن کے قریب انگلیاں اور پتھر فروخت کرنے والا بحث کشمکش دوپہر کے وقت زخمی ہو رہا ہے

پی ٹی آئی پنجاب اسمبلی اپوزیشن لیڈر کی نامزدگی سیاسی کمیٹی کے سپرد

ڈپٹی اپوزیشن لیڈر رضیہ قریشی کے انتخاب سے پارٹی کی یکجہتی برقرار رہنے کا امکان

لاہور (نیڈ این این) پاکستان تحریک انصاف کی پنجاب اسمبلی کی پارلیمانی کمیٹی نے صوبائی اسمبلی میں نئے اپوزیشن لیڈر کی نامزدگی کا اختیار پارٹی کی سیاسی کمیٹی کو سونپ دیا ہے۔ رپورٹ کے مطابق پنجاب اسمبلی میں اپوزیشن کے 105 ممبران، جن میں سے پانچ نام سیاسی کمیٹی مشاورت کے بعد طے کریں گی، اور پھر ان پانچ ناموں میں سے پی ٹی آئی عمران خان یہ فیصلہ کریں گے کہ کس کو اپوزیشن لیڈر بنانا ہے۔ جبکہ پی ٹی آئی پارلیمانی پارٹی نے ڈپٹی اپوزیشن لیڈر کو ہی اپوزیشن لیڈر بنانے کی تجویز بھی دی، اور پارٹی رہنماؤں نے امید ظاہر کی کہ ڈپٹی اپوزیشن لیڈر رضیہ رباب قریشی کے انتخاب سے پارٹی متحد رہے گی۔ ذرائع کے مطابق پی ٹی آئی عمران خان کی جانب سے مجوزہ کے لیے پنجاب اسمبلی سے پانچ سینئر رہنماؤں کے نام طلب کیے گئے ہیں۔

کرایہ داری ایکٹ کی خلاف ورزی پر 135 افراد گرفتار

ٹیٹ رجسٹریشن، مالک مکان اور کرایہ دار دونوں کی ذمہ داری ہے، ترجمان پنجاب پولیس

لاہور (نیڈ این این) لاہور پولیس نے کرایہ داری ایکٹ کی خلاف ورزی کرنے والوں کے خلاف کارروائی تیز کر دی ہے۔ کرایہ داروں کا اندراج نہ کروانے والے پراپرٹی مالکان کے خلاف بھی کارروائیاں جاری ہیں۔ پولیس ترجمان کے مطابق اگست کے مہینے میں اب تک 135 افراد کو گرفتار کیا گیا اور 72 مقدمات درج کیے گئے ہیں۔ رواں سال مختلف کارروائیوں میں 2,150 ملزمان کو گرفتار کیا گیا جبکہ 1,221 مقدمات درج کیے جا چکے ہیں۔ ترجمان نے بتایا کہ ٹیمپلیٹ رجسٹریشن مالک مکان اور کرایہ دار دونوں کی ذمہ داری ہے۔ کرایہ داری ایکٹ پر عمل درآمد سے جرائم پیشہ عناصر (بقیہ نمبر 37)

لاہور: آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور اپس ایچ او سول لائن مدیم کبوہ کو اسکیئر عہدے پر ترقی کے بعد بیج لگا رہے ہیں، اہلیہ کی اور شریک کبوہ، اہلیہ اور بچے بھی موجود ہیں۔

پنجاب سول سروس پنشن رولز میں ترمیم کے بعد بیوہ کو تاحیات پنشن ملے گی

سرکاری ملازم کی ایک سے زائد شادیوں کی صورت میں پنشن بیواؤں میں مساوی طور پر تقسیم ہوگی

لاہور (نیڈ این این) پنجاب سول سروس پنشن رولز میں ترامیم کے بعد سرکاری ملازم کی وفات کے بعد بیوہ کو تاحیات پنشن دی جائے گی۔ گورنر پنجاب کی منظوری کے بعد صوبائی محکمہ خزانہ نے نوٹیفکیشن بھی جاری کر دیا ہے۔ نوٹیفکیشن کے مطابق سرکاری ملازم کی ایک سے زائد شادیوں کی صورت میں پنشن بیواؤں میں مساوی طور پر تقسیم ہوگی۔ تاہم بیوہ کی دوسری شادی کرنے کی صورت میں پنشن بند کر دی جائے گی۔ واضح رہے کہ قبل ازیں سرکاری ملازم کی وفات کے انتقال کے بعد بیوہ کی پنشن صرف 10 سال تک محدود تھی، تاہم پنجاب حکومت نے فیملی پنشن کو کمل طور پر بحال کر دیا ہے، جس سے سرکاری ملازمین کے اہل خانہ کو مالی تحفظ حاصل ہوگا۔ بیوہ کی دوسری شادی کرنے کی صورت میں پنشن بند کر دی جائے گی

لاہور ہائیکورٹ نے قیام پاکستان سے پہلے کا جائیداد کا تنازع حل کر دیا

عدالت نے اپیل منظور کرتے ہوئے ٹرائل کورٹ کی بہن کی اولاد کے حق میں فیصلہ کالعدم قرار دیدیا

بہن یا انکی اولاد نے دہائیوں تک کوئی آواز نہ اٹھائی تو دعویٰ کرنے کا حق کھو دیا! 29 صفحات پر مشتمل تحریری فیصلہ جاری

لاہور (این این آئی) لاہور ہائیکورٹ نے قیام پاکستان سے پہلے شروع ہونے والا جائیداد کا تنازع حل کرتے ہوئے بہن کی اولاد کو جائیداد میں حصہ دینے کا ٹرائل کورٹ کا فیصلہ کالعدم قرار دے دیا۔ عدالت نے قرار دیا کہ خواتین یا ان کی زندگی میں کبھی عدالت نہیں گئیں اور ان کی وفات کے بعد اولاد نے 21 برس تک خاموشی اختیار کی رکھی، اپیلٹ کورٹ نے 1952ء کے معاہدے کے خلاف دعویٰ دائر کر دیا جو قانون کے مطابق قابل سماعت (بقیہ نمبر 42)

سانده پولیس نے 10 سالہ بچی کو حراساں کرنے والے نوجوان کو گرفتار کر لیا

لاہور (نیڈ این این) سانده پولیس نے 10 سالہ بچی کو حراساں کرنے والے نوجوان اشمل کو گرفتار کر لیا ہے۔ ترجمان پولیس کے مطابق بچی اسکول اور عربی قاعدہ کی پڑھائی کے لیے بازار سے گزرتی تھی، اور ملزم اشمل نے بازار میں اپنی جام کی دکان بنائی ہوئی تھی۔ ملزم نے بچی سے روشنی کو آئی اس اسٹائل کے بہانے بازار جانے پر آمادہ کیا۔ جب بچی تڑپتی فلور سے پانی بھرنے لگی تو اشمل نے اسے حراساں کیا، تاہم والدہ کے موقع پر پہنچنے سے ملزم وہاں سے فرار ہو گیا۔ گرفتار ملزم کے خلاف مقدمہ درج کر کے تحقیقات شروع کر دی گئی ہیں۔

مفوی کی بازیابی پر لاہور ہائیکورٹ نے درخواست نمٹا دی

لاہور (نیڈ این این) لاہور ہائیکورٹ میں مفوی کی عدم بازیابی کے کیس میں سماعت کے دوران عدالت نے مفوی کے بازیاب ہونے کے باعث درخواست نمٹا دی۔ جسٹس چوہدری سلطان محمود نے شہری محمد عدیم کی درخواست پر سماعت کی۔ درخواست گزار نے اپنے بچے کی بازیابی کے لیے عدالت سے رجوع کیا تھا۔ ایس ایچ او کانسٹیبل زمم ڈیپارٹمنٹ لاہور، پنجاب حکومت کے لاء افسر کے ہمراہ عدالت میں پیش ہوئے اور عدالت کو بتایا کہ درخواست گزار کا بیٹا اسی کی تحویل میں نہیں ہے۔

ریٹائرڈ اسسٹنٹ کمشنر منور حسین بھٹی کیخلاف انکوائری پینڈنگ، کیس نمٹا دیا گیا

لاہور (نیڈ این این) ریٹائرڈ اسسٹنٹ کمشنر منور حسین بھٹی کے خلاف انکوائری کے اقدام کو لاہور ہائیکورٹ میں چیلنج کر دیا گیا۔ جسٹس خالد اسحاق نے ریٹائرڈ اسسٹنٹ کمشنر منور حسین کی درخواست پر سماعت کی اور عدالت نے یہ کہہ کر کورٹ کے فیصلوں اور قانون کے مطابق انکوائری عمل کرنے کی ہدایت کرتے ہوئے کیس نمٹا دیا۔

پنجاب پبلک سروس کمیشن نے مختلف محکموں کے نتائج جاری کر دیے

محکمہ پولیس، مائنز، آبپاشی اور دیگر محکمہ جات کے کامیاب امیدواروں کی فہرست جاری

تحریری امتحان میں کامیاب امیدواروں کے انٹرویو کال لیٹرز ویب سائٹ پر جاری

لاہور (نیڈ این این) سیکرٹری پنجاب پبلک سروس کمیشن افضال احمد نے حکومت پنجاب کے مختلف محکموں کی اسامیوں کے تحریری اور حتمی نتائج کا نوٹیفکیشن جاری کر دیا ہے۔ اس میں محکمہ (بقیہ نمبر 40)

لاہور انتظامیہ کا آپریشن 443 غیر قانونی تجاوزات کا سامان ضبط

شہری کی تمام سڑکوں اور بازاروں کو تجاوزات سے مکمل طور پر پاک کرنے کیلئے مہم جاری رہے گی

لاہور (نیڈ این این) ضلعی انتظامیہ کی جانب سے شہر کو تجاوزات سے پاک کرنے کے لیے کارروائیاں مسلسل جاری ہیں۔ ترجمان کے مطابق علاقہ مہم کے دوران مختلف علاقوں، سڑکوں، مارکیٹوں اور تھڑوں سے 443 غیر قانونی تجاوزات کی نشان دہی کی گئی۔ جن کے نتیجے میں 443 غیر قانونی تجاوزات کا سامان ضبط کیا گیا جبکہ 1226 غیر قانونی بینرز بھی ہٹا دیے گئے۔ ڈی سی لاہور کا کہنا ہے کہ یہ اقدامات شہریوں کی سہولت اور ٹریفک کی روانی برقرار رکھنے کے لیے کیے جا رہے ہیں۔

چیف ایڈیٹر میاں محمد فیاض
جنرل ایڈیٹر صداقت الطاف چوہدری
سینئر کرسپانڈنٹ ڈاکٹر محمد احسن محمود
ایڈیٹر امداد اللہ قریشی
سینئر ایڈیٹر چوہدری عمران ثروت
ایڈیٹر محمد خورشید دلمیاں
لیگل ایڈوائزر بیرسٹر ایڈووکیٹ سید ریاض حسین گیلانی
بیشتر افسنی ایڈیٹر نے تجارت پر عائد سے چھپوا کر 114 ویں روڈ لاہور سے شائع کیا۔
آفس نمبر 2 ایسی پلیکس 8 ویں روڈ لاہور

لاہور: سیکرٹری داخلہ پنجاب ڈاکٹر اسٹر جاوید قاضی سے ملاقات میں اقوام متحدہ پولیس فنڈ کا مندوب پنجاب جسٹس متحدہ پالس فریم ورک ڈرافٹ بارے بریفنگ دے رہا ہے